لیکچرز

ڈاکٹر عثمان غنی

نیشنل سیمینارز میں دیئے گئے لیکچرز سے انتخاب

تحریر و ترتیب

ہومیو ڈاکٹر محمد عمران

شعیب ہومیو پیتھک کلینک

ائیر پورٹ روڈ ۔ نزد چوک دین پور ۔ خان پور ۔ ضلع رحیم یار خان ۔ پنجاب

0307-7583552 = 0343-4882710

فہرست مضامین

1	معدہ کی تکالیف	9
2	بواسیر	10
3	فشر (FISSURE OF ANUS)	11
4	فسچولا / بھگندر (FISTULA)	11
5	کانچ نکلنا (PROLAPSUS ANI)	12
6	گندم سے الرجی (CELIAC DISEASE)	12
7	IRRIRABLE BOWL SYNDROME (IBS)	12
8	پتہ کی پتھری	13
9	ہرنیا(HERNIA)	13
10	ڈائریا	14
11	جگر کے امراض / یرقان	14
12	ہیپاٹائیٹس	16
13	جگر کا سکڑ جانا	17
14	دل کے امراض / بلڈ پریشر	17
15	بچے کے دل میں سوراخ	18
16	سر درد	19
17	چکر آنا	20
18	بچوں کی مزاجی ادویات	20
19	گردن کے مہروں کا درد	21
20	کمر درد	21
21	شیاٹیکا پین / عرق انساء (لنگڑی کا درد)	22
22	جوڑوں کا درد	22
23	فالج	23
24	لقوہ	23
25	مردوں یا خواتین میں ہاتھ پاؤں کا سن ہونا	23
26	شوگر	24
27	گردے کی پتھری	25
28	کریٹانائن / یوریا(گردے کا ناکارہ پن)	26

29	ٹانگوں اور پاؤں کا استسقاء / دبانے سے گڑھا پڑے	27
30	پراسٹیٹ گلینڈ	27
31	پولی سسٹک کڈنی - PKD	27
32	پیشاب کا غیر ارادی طور پر نکلنا۔ فوری حاجت ہونا	27
33	جسم میں پانی پڑنا۔ استسقاء	28
34	خارش	28
35	چھپاکی	30
36	ہرپس زوسٹر (HERPES ZOSTER)	30
37	بچوں کو پیدا ہوتے ہی جلد پر چھالے ہوں / جلد خراب / جلد ٹشو پیپر کی طرح (EPIDERMOLYSIS BULLOSA)	30
38	چنبل (PSORIASIS)	31
39	SKIN FUNGAL INFECTION	31
40	پاؤں کی ایڑھیاں پھٹ جانا- دراڑیں پڑنا	32
41	پاؤں کی انگلیوں کے درمیان کچاپن۔ فنگل انفیکشن	32
42	MALE INFERTILITY	33
43	مردانہ امراض	34
44	FEMALE INFERTILITY	35
45	POLYCYSTIC OVARY SYNDROME (PCOS)	37
46	OVARIAN SYST	37
47	خواتین کے اندرونی پوشیدہ اعضاء پر خارش (VEGINAL SCABIES)	38
48	چہرے کے کیل دانے (ACNE)	38
49	چھائیوں کے مسائل	38
50	خواتین کے چہرے پر بالوں کا ہونا	38
51	خواتین کا بچہ کی پیدائش کے بعد پیٹ لٹک جانا	38
52	آنکھوں کی تکالیف	39
53	ناک کی ہڈی بڑھی ہو / ناک کے غدود	40
54	سائینوسائیٹس - Sinusits	40
55	گلہڑ	41
56	ٹانسلز	41
57	کان درد-کان بہنا	41
58	بچہ دیر سے بولے	42
59	پیدائشی گونگے اور بہرے بچے	42

60	مرگی (EPILEPSI)	42
61	CEREBRAL PALSY (CP) CHILD DISEASE	43
62	AUTISM	44
63	بچوں کے دانتوں کے مسائل	45
64	بچہ مٹی کھائے	45
65	لکنت	45
66	بچوں میں سانس کی تکالیف	46
67	کھانسی / برونکائیٹس / نزلہ زکام	46
68	حلق میں بلغم گرے / کیرا	48
69	الرجی	48
70	ڈسٹ الرجی	49
71	دمہ	50
72	دماغ میں / سر میں پانی پڑنا (HYDROCEPHALUS)	50
73	سپائنل بائیفیڈا (SPINAL BIFIDA)	51
74	سر کے بال گریں	51
75	ٹیومرز (TUMORES)	52
76	دماغ کی رسولی (BRAIN TUMOR)	52
77	بریسٹ ٹیومر (BREAST TUMOR)	52
78	رحم کی رسولی (UTERUS TUMOR)	52
79	گردے میں رسولی	53
80	LIPOMA	53
81	کینسر	54
82	بلڈ کینسر	54
83	پراسٹیٹ کینسر	54
84	گردے کا کینسر	54
85	سکن کینسر	55
86	لنگز کینسر	55
87	ہڈیوں کا کینسر	55
88	گردے اور آنکھ کی مرضیاتی (پیتھالوجیکل) تبدیلیاں	56
89	CLINICAL TIPS	56

دل میں ہے نام محمد کا آنکھوں میں مدینہ رکھتے ہیں
ہم بے ترتیب سے لوگ ہیں پر جینے کا قرینہ رکھتے ہیں
ان کے آگے ہیرے موتی مٹی کے برابر ہیں شاکر
جو عشق نبی کا سینے میں انمول خزینہ رکھتے ہیں

ہومیوپیتھی کی بنیاد :

- ہومیوپیتھی کی بنیاد "مثل کا علاج مثل سے" (Similia Similibus Curentur) کے اصول پر ہے۔
  جو دوا صحت مند شخص کو کچھ مخصوص علامت پیدا کرے، وہی دوا انہی علامات والے مریض میں شفاء دے سکتی ہے۔
  یہ اصول 1796 میں جرمن معالج ڈاکٹر سیموئل ہانیمن نے پیش کیا، جنہیں جدید ہومیوپیتھی کا بانی تسلیم کیا جاتا ہے۔
- ہومیوپیتھی ایک سادہ، فطری اور مؤثر طریقہ علاج ہے جو صرف بیماریوں کا نہیں، انسان کے مکمل وجود کا علاج کرتا ہے۔ یہ طریقہ طب انسانی جسم، دماغ اور جذبات کو ایک مکمل نظام سمجھتا ہے اور اس نظام میں بگاڑ کو قدرتی طریقے سے بحال کرتا ہے۔
- ہومیوپیتھی میں ہر مریض کو انفرادی علامات کے ساتھ دیکھا جاتا ہے، نہ کہ صرف بیماری کے نام پر۔ یہ طریقہ علاج انسان کی وائٹل فورس یعنی قوت مدافعت کو بیدار کرتا ہے تاکہ جسم خود اپنی بیماری کا مقابلہ کر سکے۔
- ہومیوپیتھی میں استعمال ہونے والی دوائیں قدرتی ذرائع سے حاصل کی جاتی ہیں جیسے جڑی بوٹیاں، معدنیات اور حیوانی عناصر۔ یہ دوائیں بہت باریک (Potentized) حالت میں دی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے ان کے مضر اثرات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔
- ہومیوپیتھی وہ طب ہے جو انسان کے جسم سے زیادہ اس کی روح کی کیفیت کو سمجھتی ہے۔

ہومیوپیتھی کی نمایاں خصوصیات :

- مؤثر مگر محفوظ طریقہ علاج
- جسمانی اور ذہنی دونوں بیماریوں کے لئے موزوں
- انفرادی علامات کی بنیاد پر دوا کا انتخاب
- سستا اور ہر طبقے کے لئے قابل رسائی
- بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹس
- بچوں، حاملہ خواتین اور عمر رسیدہ مریضوں کے لئے موزوں
- پرانی اور پیچیدہ بیماریوں میں مفید

قانون شفاء – ہئرنگ لاء :

ہئرنگ لاء ہومیوپیتھی کے مشہور معالج ڈاکٹر کنٹ ہئرنگ کا پیش کردہ ایک بنیادی اصول ہے۔ جو بتاتا ہے کہ شفاء کس ترتیب سے آتی ہے:

- شفاء اوپر سے نیچے ہوتی ہے :- شفاء جسم کے اوپری حصے سے شروع ہو کر نچلے حصوں تک آتی ہے۔
- اندر سے باہر کی جانب آتی ہے:- شفاء اندرونی اعضاء سے شروع ہو کر بیرونی جلد اور سطحی علامات کی طرف بڑھتی ہے۔
- اہم اعضاء سے غیر اہم اعضاء کی طرف :- دل، دماغ، جگر جیسے اہم اعضاء کی علامات سب سے پہلے بہتر ہوتی ہیں۔
- علامات کی پرانی ترتیب کے مطابق :- مرض کی علامات الٹی ترتیب سے ختم ہوتی ہیں یعنی جو علامت سب سے آخر میں ظاہر ہوئی تھی وہ سب سے پہلے جاتی ہے۔

یہ قانون نہ صرف ہومیوپیتھی کی بنیاد ہے بلکہ مریض کی حقیقی اور فطری صحت یابی کی نشانی ہے اور ہومیوپیتھ معالج کی رہنمائی کرتا ہے۔

ڈاکٹر عثمان غنی کی ہومیو پیتھک خدمات کا تعارف :

ڈاکٹر عثمان غنی صاحب پاکستان کے ممتاز ہومیو پیتھک معالج، محقق اور معلم ہیں جنہوں نے ہومیو پیتھی کے میدان میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں۔
ان کی طبی زندگی تحقیق اور خدمت خلق کا سفر کئی دہائیوں پر محیط ہے، جس نے انہیں ہومیو پیتھی کے جدید ترین ماہرین میں شامل کر دیا ہے۔

طبی تحقیق اور نیا طریقہ علاج :

ڈاکٹر عثمان غنی صاحب نے 35 سال کی مسلسل محنت اور مطالعے کے بعد ہومیو پیتھی میں "اکتیسواں میتھڈ آف سلیکشن ریمیڈی" متعارف کروایا۔
یہ میتھڈ جدید نفسیاتی وجسمانی مشاہدے پر مبنی ہے۔ یہ طریقہ علاج مریض کے چہرے کے تاثرات، جسمانی ساخت، انداز گفتگو اور چہرے کی علامات دیکھنے کی بنیاد پر صرف ایک منٹ میں مناسب دوا تجویز کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ ایک جدید اور انتہائی تیز رفتار طریقہ علاج ہے۔
یہ طریقہ "پروفل وجیاکر میتھڈ" سے بھی زیادہ سادہ، زیادہ تیز، مؤثر اور قابل عمل سمجھا جاتا ہے۔

طبی خدمات اور ریکارڈز :

ڈاکٹر عثمان غنی صاحب کے نام ہومیو پیتھی کے میدان میں کئی اہم ریکارڈ درج ہیں۔ جن میں شامل ہیں :

- دنیا میں سب سے پہلے گونگے بہروں کا کامیاب ہومیو پیتھک علاج
- پیدائشی نابینا پن کا کامیاب ہومیو پیتھک علاج
- ایک ہی دن میں سب سے زیادہ مریضوں (716) کا معائنہ کرنے کا ریکارڈ

ان کی خدمات کا دائرہ صرف کلینک تک محدود نہیں بلکہ وہ مختلف شہروں میں سیمینارز اور تربیتی ورکشاپس کے ذریعے ہومیو پیتھک ڈاکٹروں کی رہنمائی بھی کرتے ہیں۔

تعلیمی خدمات اور لیکچرز :

ڈاکٹر عثمان غنی صاحب نے مختلف شہروں میں ہومیو پیتھی کے فروغ کے لئے سیمینارز اور لیکچرز کا انعقاد کیا ہے۔ مثال کے طور پر " رحیم یار خان " میں "آسان ہومیو پیتھی" کے عنوان سے سیمینار میں انہوں نے کیس ٹیکنگ، میازم اور کلینیکل ٹپس پر جامع لیکچر دیا۔

ہومیو پیتھی کے فروغ کے لئے کوششیں :

ڈاکٹر عثمان غنی صاحب نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ہومیو پیتھی کی سرپرستی کرے تاکہ یہ طریقہ علاج پاکستان میں بھی ترقی یافتہ ممالک کی طرح مقبول ہو سکے۔

اظہار تشکر :

اللہ رب العزت کا بے حد شکر ہے کہ اس نے مجھے یہ سعادت بخشی کہ میں ڈاکٹر عثمان غنی صاحب کے بیش قیمت لیکچرز اور علمی افکار کو ایک مستقل تحریری شکل دے سکا تا کہ یہ علم آنے والے طلبہ، معالجین اور محققین تک پہنچے۔

اس کوشش میں کئی احباب کا خلوص اور تعاون شامل ہے، جن کا تذکرہ میرے لئے باعث فخر و امتنان ہے۔

خصوصی طور پر میں " محترم ڈاکٹر کاشف عمران صاحب، محترم ڈاکٹر شہاب خان صاحب اور ڈاکٹر جہانزیب افتخار صاحب " کا بھی دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کتاب کی اشاعت، تنظیم اور نظر ثانی کے مختلف مراحل میں علمی ذوق اور مشفقانہ تعاون فراہم کیا۔

اللہ رب العزت ان معزز شخصیات کو دین و طب کی خدمت کی مذید توفیق عطا فرمائے اور ان کی زندگی کو برکتوں سے بھر دے۔ آمین یارب العالمین۔

یارب العالمین ! یہ کوشش تیرے فضل سے ہے۔ اسے اپنی رضا کے لئے قبول فرما۔ اسے علم و خدمت کا ذریعہ بنا اور ان لوگوں تک پہنچا جنہیں اس سے فائدہ ہو۔ ہمارے محترم استاد کی خدمات کو قبولیت عطا فرما اور ہمیں بھی صدق دل سے علم کی خدمت کی توفیق دے۔ آمین یارب العالمین۔

ہومیوپیتھک ڈاکٹر محمد عمران۔ خان پور۔ ضلع رحیم یار خان۔ پنجاب۔ پاکستان

(A)

ایک ڈاکٹر کے لئے ضروری ہے کہ اس کو فلسفہ ہومیوپیتھی اور میٹریامیڈیکا کا بخوبی علم ہو۔

(B)

کتابوں کا مطالعہ کریں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں :

ہومیوپیتھک کی پہلی کتاب۔ ہومیوپیتھی کے راز۔ کینٹ ہومیوپیتھک گائیڈ۔ کینٹ ہومیوپیتھک پاکٹ میٹریامیڈیکا۔

(مصنف : ہومیوپیتھک ڈاکٹر عابد حسین۔ سرگودھا)

جوہر ہومیوپیتھی۔ روح ہومیوپیتھی۔ جنسی امراض کا ہومیوپیتھک علاج۔ روابط ادویات۔

(مصنف : ہومیوپیتھک ڈاکٹر فتح شیر)

ایلن کی نوٹس۔ بورک میٹریامیڈیکا۔ نیش لیڈرز۔

(C)

مریض کی تشخیص کا طریقہ پہلے میازم دیکھیں اور پھر مریض سے پوچھیں کہ :

i. کیا ہوتا ہے یعنی کہ کس چیز کا احساس ہے۔
ii. کہاں ہوتا ہے یعنی کہ مقام مرض۔
iii. کب ہوتا ہے یعنی کہ کمی و بیشی۔

(D)

چہرہ شناسی سے میازم کا علم :

سورا میازم : مریض کے نقوش موٹے ہوں گے۔ بال گھنے ہوں گے۔ خشک اور سخت ہوں گے۔ گردن موٹی ہو گی۔ جلد موٹی ہو گی۔

سفلس میازم : مریض کے نقوش پتلے ہوں گے۔ بال کم اور باریک ہوں گے۔ سامنے ماتھے کے اوپر سے کم ہوں گے۔ U شیپ میں ہوں گے۔ (بال درمیان میں ہوں گے۔ سائیڈوں پر ذرا کم ہوں گے)۔ گردن پتلی ہو گی۔ جلد پتلی ہو گی۔

سائیکوسس میازم : مریض کے نقوش میں کوئی بڑا ہو گا کوئی چھوٹا ہو گا۔ آنکھ بڑی ہو گی، آنکھ چھوٹی ہو گی۔ کان بڑا ہو گا، کان چھوٹا ہو گا۔ نچلا ہونٹ موٹا ہو گا۔ بال سیاہ ہوں گے۔ بال قدرے پیچھے کی طرف سیدھے ہوں گے۔ خوبصورتی پر فرق نہیں پڑے گا۔ قد چھوٹا ہو گا۔ جسم پر کہیں نہ کہیں یا گردن پر خشک سے موہکے، مسے ہوں گے۔ جسیم لوگ (موٹے لوگ) ہوں گے۔ جلد کہیں سے موٹی اور کہیں سے پتلی ہو گی۔ ایک جیسی نہیں ہو گی۔

ٹیوبر میازم : مریض سردی کو محسوس کرنے والا۔ سردی سے متاثر ہو گا۔ دبلا پتلا، کمزور، ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو گا۔ سر درد کا ہونا۔

معدہ کی تکالیف

(1) ایچ پائیلوری کے مریض۔بے چینی۔گھبراہٹ۔خوف کہ کچھ ہو نہ جائے۔پٹھوں میں درد۔سردی کا احساس۔مریض کا معدہ اکثر خراب رہتا ہے تو Nux Vomica-1M, H-Pilory-1M, Carcinosinum-1M سب سے پہلے لگائیں۔

آرسینک البم -1M میں ہر 3-4 دن بعد دیں۔ کالی فاس-30 دن میں 3-4 بار دیں۔

(نوٹ) کافی عرصہ سے اومیپرازول کیپسول کھانے والے مریضوں کو H-Pilory-1M ضرور دیں۔

(2) ذہنی طور پر کمزور تھکے ہوئے مریض ہوں تو کالی کارب-30 دن میں 3-4 بار دیں۔

(3) معدہ میں جلن۔تیزابیت۔بے چینی۔گھبراہٹ۔خوف۔گرمی کا احساس۔ٹھنڈے پانی کی خواہش ہو تو فاسفورس-30 دیں۔

(4) مریض کمزور۔تھکا ہوا۔خون کی کمی اور کمزوری۔سانس پھولے۔جسم سوکھا ہوا۔پورے پیٹ میں گیس۔پیٹ بڑھا ہوا ہو تو چائنا 30/200 دیں۔

(نوٹ) اگر مریض صحت مند ہے اور اس کے پورے پیٹ میں گیس ہو تو چائنا دوا کام نہیں کرے گی۔شرط ہے کہ مریض جسمانی طور پر کمزور ہو۔

اور اگر مریض صحت مند ہے تو لائیکوپوڈیم میں دیں۔

(5) مریض کو گیس خارج ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔اور اگر گیس خارج نہ ہو رہی ہو، پیٹ میں گیس رک جائے تو ریفینس دیں۔

(6) خوراک میں تلی ہوئی اشیاء کا استعمال۔سر کا بھاری ہونا۔غصے کا زیادہ آنا۔معدہ پر بوجھ ہونا۔پیاس کا کم ہونا ہو تو پلسٹیلا-1M ہر 3-4 دن بعد دیں۔

(7) مریض کا تھکا ہونا۔قبض۔معدہ پر بوجھ ہونا۔غصے کا زیادہ آنا۔پیاس زیادہ ہو تو برائی اونیا 1M/200 میں دیں۔ اور اگر پاؤں جلتے ہوں تو سلفر دیں۔

(نوٹ) کمر پیچھے کی طرف جھکے تو میڈورینم دیں ورنہ سلفر دیں۔سائیکوٹک مریض کو میڈورینم دے دیں۔

حاجت کے لئے زیادہ دیر تک بیٹھے۔حاجت بار بار ہو تو نکس وامیکا دیں۔سلفر دیں۔

اور اگر ان تینوں ادویات کی ٹھیک سے سمجھ نہ آ رہی ہو تو پھر انٹم کروڈ دیں۔

معدہ کی تیزابیت :

تیزابیت، جلن، کھٹی، کڑوی قے۔درد ہو تو آئرس ورس-1M، نکس وامیکا-1M، ایچ پائیلوری-1M ہر ایک دوا ہر 3-4 دن بعد ایک ایک خوراک دیں۔

روبینیا-30 اور نیٹرم فاس-30 دن میں 3-4 بار دیں۔ دیگر ادویات میں آرسینک البم۔فاسفورس کو مد نظر رکھیں۔

معدہ میں درد، بوجھ کا ہونا۔(فم معدہ) : نیٹرم فاس-200

(1) منہ میں خشکی ہو۔منہ کا ذائقہ کڑوا ہو۔پیاس بہت زیادہ لگے تو برائی اونیا دیں۔اور اگر پیاس نہ ہو تو پلسٹیلا دیں۔

(2) اگر مریض دفتری ٹائپ ہے (بیٹھ کر زیادہ کام کرتا ہو)۔بوجھ ہو۔نامکمل حاجت۔بار بار حاجت کے لئے جائے تو نکس وامیکا دیں۔

(3) معدہ کا درد سامنے سینہ میں بائیں سائیڈ پر۔درد پیچھے کی طرف منتقل ہو تو چیلیڈونیم-30 دن میں 3-4 بار دیں۔

(4) معدہ میں درد کھانے کے بعد ہو تو کالی بائیکروم-200 ہر دوسرے تیسرے دن بعد دیں۔

کھانا کھانے کے فوراًبعد قے کا ہو جانا :

(1) مریض پانی پیئے یا کھانا کھائے تو کھاتے ہی فوراًمنہ میں قے آجاتی ہے۔قے کھل کر نہیں آتی۔ تھوڑی تھوڑی آتی ہے تو آرسینک البم دیں۔

(2) مریض کے کھانے کھاتے ہی فوراًمنہ بھر کے قے آجاتی ہے۔جس طرح کا کھایا اسی طرح کا کچا ہی باہر نکل آئے تو فیرم میٹ دیں۔

(3) مریض کو ٹھنڈا پانی پینے کی طلب ہو۔پانی پیتے ہی فوراًقے آجائے تو فاسفورس دیں۔

(4) مریض کے معدہ میں جلن ہو۔کھٹی قے آئے۔دانت کھٹے ہو جائیں تو آئرس ورس دیں۔

(نوٹ)بلاعلامت کیڈمیم سلف-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

قبض :

ایلومینا-1M اور ہائیڈراسٹس-30 دن میں 3-بار دیں۔

بواسیر

مقعد کے گرد خون کی نالیاں پھول جائیں تو ہیمورائیڈ(بواسیر)کہتے ہیں۔جب یہ خون کی نالیاں پھٹ جاتی ہیں تو وہاں سے بلڈ آتا ہے،جس کو ہم خونی بواسیر کہتے ہیں۔ بلڈ نہ آئے تو یہ بادی بواسیر کہلائے گی۔بواسیر میں موکے موجود ہوں گے اور اگر موکے نہیں ہیں تو پھر بواسیر نہیں ہے۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن تھوجا دیں۔

(تھوجا کی ایک مرکزی علامت یہ ہو گی کہ بیٹھنے سے تکلیف میں زیادتی ہو گی۔چلنے پھرنے،لیٹنے سے کچھ نہیں ہو گا)۔

(1) مریض کو مقعد میں خارش اور جلن ہو تو سلفر دیں۔

(2) جن کو اکثر قبض رہتی ہو ان کو بواسیر ہوتی ہے۔زیادہ مرچ مصالحہ والی اشیاء کا استعمال کریں۔بدپرہیز قسم کے لوگ جو اپنی نیچرل لائف جیسے کھانا پینا،اٹھنا بیٹھنا اور سونے کو ڈسٹرب کریں۔مقعد میں خارش اور جلن ہوتی ہے۔مقعد میں سکڑاؤ، تنگی کا احساس۔مقعد میں درد نہ ہو تو نکس وامیکا دیں۔

(نکس وامیکا میں بعض اوقات مقعد میں اتنی خارش ہوتی ہے کہ مریض ساری رات سو ہی نہیں سکتا)۔

(3) مریض کو معمولی سے چھونے سے بھی مقعد میں تکلیف ہو۔واش روم جانے کے بعد درد ہو۔واش روم بھی ٹھیک سے نہیں کر سکتا۔

یہاں پر مزید کیفیات ہوں گی :

i. اگر مریض کو گرم پانی سے آفاقہ محسوس ہو تو ایسڈ میور ٹیکم دیں۔ (ایسڈ میور ٹیکم کی ایک اور علامت یہ ہے کہ مریض جب پیشاب کرنے جاتا ہے تو ساتھ ہی پاخانہ آجاتا ہے۔مریض میں بعض اوقات یہ علامت مل جاتی ہے اور بعض اوقات نہیں ملتی)۔

ii. اگر مریض کو ٹھنڈے پانی سے آفاقہ محسوس ہو تو رہٹینیا دیں۔

iii. مریض کو مقعد میں خارش اور ٹھنڈے پانی سے سکون ملے تو ایلوز دیں۔

(4) مریض کو واش روم جانے کے بعد مقعد میں انتہائی شدید درد ہو اور کئی کئی گھنٹے درد ہو گا۔چیرنے والا احساس ہوتا ہے۔مریض کو اگر پاخانہ نرم بھی ہو تو پھر بھی کئی کئی گھنٹے تکلیف ہو۔مریض کو قبض نہیں ہو گی تو ایسڈ نائٹریکم-1M ہر تیسرے دن بعد دیں۔

(5) حمل کے دوران یا After Delivery بواسیر ہو اور ساتھ میں کمر درد بھی ہو تو ایسکولس ہپ، کالن سونیا کو مد نظر رکھیں۔
ساتھ میں تھوجا اور ایسڈ نائٹریکم بھی دیں۔

(6) اگر آپ کو کیس کی سمجھ نہیں آ رہی اور تکلیف بہت زیادہ ہے۔ مقعد میں درد اور جلن ہے تو پی او نیا-1M ہر تیسرے دن بعد دیں۔ کبھی مایوس نہیں کرے گی۔

(7) بواسیر میں مقعد کا درد نا قابل برداشت ہو۔ جلن ہوتی ہو تو ہائپریکم-1M میں دیں۔

(8) بواسیری موسکے ہوں تو کلکیریا فلور-30 میں دیں۔

(9) موسکے ہوں اور موہکوں کے ساتھ کمر درد ہو تو ایسکولس ہپ دیں۔
موہکوں کے لئے دیگر ادویات میں ایکسرے۔ ایسڈ نائٹریکم۔ پی او نیا۔ تھوجا۔ ڈلکمارا۔ کاسٹی کم ہیں۔

(10) بواسیر میں خون آ رہا ہے تو فیرم فاس-30 دیں۔ مقعد سے خون آنے کے لئے ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر علی محمد صاحب لیکسس دیتے ہیں۔
(انڈیا کے ایک مشہور ہومیوپیتھک ڈاکٹر صاحب نے اپنی تصنیف میں مقعد سے خون آنے کے لئے سنگونیریا-30 کا ذکر لکھا ہے۔ بار بار دہرائیں۔ شاید ہی فیل ہو)۔

FISSURE OF ANUS - فشر

مقعد میں جہاں پر بلڈ ویسلز ہیں وہاں پر Cuts پڑ جاتے ہیں۔ Cuts پڑنے کی وجہ سے شدید درد ہوتا ہے اور بلیڈنگ بھی ہوتی ہے لیکن اس میں موسکے نہیں ہوں گے۔

(1) مقعد پر Cuts پڑ جائیں اور سرخی ہو تو سلفر دیں۔

(2) مقعد پر Cuts پڑ جائیں تو ایسڈ نائٹریکم دیں۔ دیگر ادویات میں پٹرولیم اور گریفائیٹس کو مد نظر رکھیں۔

(3) میرے ذاتی تجربہ کے مطابق جو ادویات فشر کے مریضوں کو استعمال کرواتا ہوں ان میں فائیو فاس، کلکیریا فلور اور ایسڈ نائٹریکم ہیں۔
اس کے علاوہ بغیر علامت کے جو دوا دیتا ہوں وہ سیڈم ایکرے-30 دن میں 4-3 بار ہے۔
(ڈاکٹر مسعود قریشی صاحب کی تصنیف " تحقیق الادویات " میں فشر میں نہ فیل ہونے والی دوا سیڈم ایکرے کا ذکر لکھا ہے)۔

(4) مریض اگر یہ کہے کہ جب بھی پاخانہ کے لئے جاتا ہے تو فشر میں بلیڈنگ بہت زیادہ ہوتی ہے۔ درد نہیں ہوتا تو فاسفورس، لیکسس کو مد نظر رکھیں۔

FISTULA – فسچولا / بھگندر

فسچولا میں مریض بعض اوقات درد کا بتائے گا اور بعض اوقات درد کا نہیں بھی بتائے گا۔ مقعد کے ساتھ ایک گہرا نالی کی طرح کا زخم ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ زخم سیدھا ہوتا ہے اور بعض اوقات اس میں شاخیں بھی بن جاتی ہیں۔ مریض بتاتا ہے کہ زخم سے پانی رستا ہے یا پیپ رستی رہتی ہے۔
سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں: انتھراسینم۔ بیسی لینم۔ ٹیوبر کیولینم۔ سفلینم۔ میڈورینم۔

(1) مریض کو گرمی محسوس ہو تو ایسڈ فلور دیں۔

(2) مریض کو سردی محسوس ہو تو سلیشیا-200 میں دیں اور اگر مریض کو سردی محسوس نہ ہو تو کلکیریا سلف-200 دیں۔

(3) زخم سے چپچپا پانی رسے تو گریفائیٹس دیں۔

(4) زخم سے پیپ کا اخراج ہو تو بیسی لینم دیں۔

(5) کیلنڈولا-30 اور کالی فاس-30 میں دیں۔ اور اگر پھر بھی کیس قابو میں نہ آرہا ہو تو کیلنڈولا-1M / 200 میں کر دیں۔
کیلنڈولا پیپ بننے کے اسباب کو ختم کرے گی۔ پیپ ختم ہو گی تو ساتھ زخم بہتر ہو تا چلا جائے گا۔ کالی فاس سڑاند کو ختم کرے گی۔ گوشت سے تعفن کو دور کرے گی۔
جب زخم سے پیپ ختم ہو گی تو زخم کا بھراؤ ہو گا اور زخم دوبارہ نہیں بنے گا۔ ساتھ میں کلکیریا سلف یا سلیشیا دیں۔
(6) فسچولا کی بڑی اہم میڈیسن بربرس ولگرس-30 ہے۔ دن میں 4-3 بار دیں۔ یا -1M میں ہر تیسرے دن دیں۔

PROLAPSUS ANI - کانچ نکلنا

میں نے کانچ نکلنے میں جس دوا کو سب سے زیادہ کارگر پایا وہ ہے پوڈوفائلم-200 روزانہ ایک بار دیں۔ اور ساتھ میں میازمیٹک میڈیسن بھی دیں۔
دیگر ادویات میں اگنیشیا۔ برائٹامیور۔ کلکیریا فلور اور روٹا کو بھی مد نظر رکھیں۔

CELIAC DISEASE – گندم سے الرجی

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔
بیسی لینم-1M دیں۔ سورک مریض کے لئے سورائنم-1M ہر 15-10 دن بعد دیں۔ اگر مریض دبلا پتلا ہے تو ٹیوبر کیولینم-1M ہر 20-15 روز بعد دیں۔
(1) اگر مریض دبلا پتلا، کمزور ہے۔ خون کی کمی کا شکار ہے۔ رنگت پیلی ہے تو لیسی تھن-30-3X دن میں 4-3 بار دیں۔
(2) اگر مریض کو گیس زیادہ ہے۔ قد کم ہے۔ جسم کا بھاری ہے تو لائیکوپوڈیم-30 دن میں 4-3 بار دیں۔
(3) اگر مریض کے پیٹ میں کیڑے ہیں۔ آنکھوں کے نیچے ہلکے بنے ہوئے ہیں۔ چہرے پر سفید دھبے بنے ہوں تو سائنا دیں۔
ساتھ میں چیلیڈونیم ضرور استعمال کروائیں۔
(نوٹ) اگر آپ کو کیس کی سمجھ نہ آئے تو آپ بلا علامت الیگزون-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

IRRITABLE BOWL SYNDROME (IBS)

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن بیسی لینم-200 کی ایک خوراک دیں۔
بیکٹیریل انفیکشن (Bacterial Infection) اور وائرل انفیکشن (Viral Infection) میں آپ انٹرکرنٹ ریمیڈی کے طور پر بیسی لینم دے دیں۔
یہ انفیکشن میں کام کرتی ہے۔ ساتھ مرک کار دے دیں۔ (نوٹ) مریض کو دوا کچھ متواتر استعمال کروائیں۔

پتہ کی پتھری

(1) مریض بھاری بھر کم، پلپلا ہے تو کلکیریا کارب-1M ہر 5-4 روز بعد دیں۔

(2) خاتون مریضہ۔ کمرے میں نہیں بیٹھ سکتی۔ دوپٹہ گردن میں نہیں ہو گا۔ گرمی محسوس ہو تو لیکسس دیں۔

(3) مریض زیادہ غصے والا۔ گیسز زیادہ بنے تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(4) رات کو منہ میں پانی زیادہ آتا ہے۔ (لعاب دہن زیادہ بنے)۔ منہ میں بدبو ہو تو مرک سال دیں۔

میرے کلینک پر پتہ کی پتھری کے مریضوں کی روٹین یہ ہے:

چائنا-1M ہر 5-4 روز بعد دیں۔ (چائنا ایک ایسی دوا ہے جو پتہ کی پتھریوں کو تحلیل کرتی ہے اور دوبارہ بننے سے روکتی ہے)۔

کولسٹرینم--1M ہفتہ میں ایک بار دیں۔ کلکیریا بیلری-30 دن میں تین بار دیں۔

منہ کا ذائقہ کڑوا ہو تو نیٹرم فاس-30 دیں۔

ہمارے محترم ہومیو پیتھک ڈاکٹر سلیم اشعر صاحب پتہ کی پتھری کے درد میں چیلیڈونیم-1M دیتے ہیں۔

مریض کو بتائیں کہ پتہ کی پتھریوں کے علاج میں 8-7 ماہ کا دورانیہ لگتا ہے۔

ہرنیا - HERNIA

سب سے پہلے میاز میٹک میڈیسن دیں۔

(1) دائیں سائیڈ کا ہرنیا ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(2) بائیں سائیڈ کا ہرنیا ہو تو نکس وامیکا دیں۔ (اگر نکس وامیکا دینے سے آفاقہ نہ ہو تو پھر کالوس دیں)۔

(3) ناف میں ہرنیا ہو تو پلمبم میٹ دیں۔

اس کے علاوہ آرنیکا اور رہسٹاکس کو ملا کر دیں۔

معدہ و جگر کی دیگر تمام تکالیف کے مفید اور بہترین علاج کے لئے رابطہ کریں
ہومیو پیتھک
ڈاکٹر محمد عمران
شعیب
ہومیو پیتھک کلینک
0307-7583552
0343-4882710
ائیر پورٹ روڈ ۔ نزد چوک دین پور ۔ خان پور ۔ ضلع رحیم یار خان ۔ پنجاب

ڈائریا

بیسی لینم-200 سٹارٹ میں موشن کے تمام کیسز میں ایک خوراک ضرور استعمال کروائیں۔

(1) موشن پانی کی طرح ہوں۔ پاخانہ بار بار تھوڑا تھوڑا آرہا ہو۔ پاخانہ پر کنٹرول نہ ہو۔ پاخانہ بے ساختہ خارج ہو تو ایلوز-200 دیں۔

(2) موشن پانی کی طرح ہوں۔ بدبودار ہوں۔ پاخانہ کے دوران مقعد کا خارج ہونا۔ موشن کرنے کے بعد کمزوری ہو تو پوڈوفائلم-200 دیں۔
اور اگر موشن بدبودار نہ ہوں۔ پیٹ میں بل پڑیں تو کروٹن ٹگ دیں۔

(3) موشن پانی کی طرح ہوں۔ کمزوری ہو اور ساتھ پسینہ آئے تو وریٹرم البم-200 دیں۔

(4) موشن کے ساتھ متلی، قے کا ہونا۔ سبز رنگ کے موشن۔ پیاس نہ ہو۔ بچے کے منہ میں تھوک (جھاگ) ہوں تو اپی کاک دیں۔

(5) موشن۔ کوئی بھی چیز کھائے تو پیٹ کا درد ہو۔ درد ناقابل برداشت ہو تو کالوسنتھ-200 دیں۔

(6) موشن کر کر کے کمزور ہو جائے۔ پیٹ گیس کی وجہ سے پھولا ہو تو چائنا-200 دیں۔

(7) موشن کے ساتھ پیٹ میں مروڑ ہوں۔ واش روم میں بیٹھنا پڑے۔ آؤں خارج ہو تو مرک سال-1M دیں۔ اور اگر آؤں کی جگہ خون خارج ہو تو مرک کار دیں۔

(8) مریض کو موشن ہیں اور کہتا ہے کہ میں 15-سال سے ٹھیک نہیں ہو رہا۔ پرانے موشن ہوں۔ پیٹ میں آوازیں آئیں تو نیٹرم سلف-30 دن میں 6-5 بار دیں۔

(9) مریض موشن کے ساتھ پانی پئے اور قے ہو جائے۔ مریض بے چین ہو تو آرسینک البم-200 دیں۔

(10) بچے کو قے کرنے کے بعد اونگھ آجائے تو ایتھوزا-200 میں بار بار دیں۔

جگر کے امراض – یرقان

خون کے اندر Bilirubin نارمل مقدار میں ایک سے کم ہوتا ہے۔ Bilirubin کی مقدار جیسے جیسے بڑھتی ہے تو سب سے پہلے مریض کا پیشاب پیلا ہوتا ہے۔ اس کے بعد Bilirubin کی مزید مقدار بڑھنے پر مریض کی آنکھیں پیلی ہوتی ہیں۔ اور پھر اس کے بعد Bilirubin کی مزید مقدار بڑھنے پر جلد بھی پیلی ہو جاتی ہے۔
مریض کا میٹابولزم سست ہو جائے گا۔ مریض کا کوئی کام کرنے کو دل نہیں کرے گا۔ مریض جو کھا رہا ہے اور اس کو جو انرجی ملی ہے وہ آگے جگر کا کام ہے کہ جگر اس کو گلائیکوجن میں کنورٹ کرتا ہے یا میٹابولائز کر کے انرجی میں کنورٹ کرتا ہے کیونکہ یہاں جگر کی کارکردگی ڈسٹرب ہوتی ہے تو اس لئے انرجی کی کمی کی وجہ سے مریض کے اندر جو سب سے بڑی علامت آتی ہے کہ مریض سست ہو جائے گا۔ مریض کو چکنائی والی اشیاء سے پرہیز بتائیں گے۔
سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ کارسی نوسینم۔ ٹیوبرکیولینم۔ سلفلینم۔ سلفر۔ نیٹرم میور جو بھی ہو۔

(1) چھوٹے بچوں کو پیدائشی یرقان ہو تو فیرم فاس-6X ، فائیوفاس-6X اور کالی میور-6X دو ہفتوں کے لئے دیں۔ انشاءاللہ بچے کی صحت ٹھیک ہو جائے گی۔

(2) چھوٹے بچوں کو پیدائشی یرقان ہو تو لیوپیولس-30 دن میں 4-3 بار دیں۔ دیگر ادویات میں ایکونائٹ اور پلسٹیلا کو مدنظر رکھیں۔

(نوٹ) والدین پریشان ہو جاتے ہیں کہ میرا بچہ ٹھیک نہیں رہتا (ڈیڑھ سال تک کی عمر کے بچے)۔ بچہ مسلسل بیمار ہی رہتا ہے۔ علاج کے دوران بھی ٹھیک نہیں رہتا۔ کچھ نہ کچھ ہوا رہتا ہے۔ بخار ٹھیک ہو تو نزلہ ہو جاتا ہے۔ نزلہ ٹھیک ہو تو پھر بخار ہو جاتا ہے۔ بخار ٹھیک ہوتا ہے تو موشن ہو جاتے ہیں۔ موشن ٹھیک ہوتے ہیں تو قبض ہو جاتی ہے۔ بچہ روتا ہے، پیٹ پھولا ہوا ہے اور بچہ دن بدن کمزور ہو رہا ہے تو ایسے بچوں کو فائیوفاس-6X اور نیٹرم میور-6X مسلسل ایک ماہ تک دیں۔
بخار، موشن، قبض، قے اور کمزوری ختم ہو جائے گی۔ بچہ بار بار بیمار ہیں ہو گا اور بچے کی نشوونما بھی بہتر ہو جائے گی۔

(3) سادہ یرقان ہو تو اینٹی میازمیٹک میڈیسن سلفر-1M دیں۔ جسم گرم اور خشک ہو گا۔ ہاتھ پاؤں گرم ہوں گے اور اس کے ساتھ مریض سست ہو جائے گا۔ بوجھ محسوس ہو۔ قبض ہو۔ جگر میں درد ہوتا ہے۔ منہ خشک اور کڑوا۔ پاؤں سے سینک نکلے۔

حرکت سے تکلیف زیادہ ہو تو برائی اونیا-200/30 دیں۔ مریض کو سادہ یرقان کے علاوہ ہیپاٹائیٹس بی یا ہیپاٹائیٹس سی ہے اور یہ علامات ہیں تو تب بھی برائی اونیا دیں۔

(نوٹ) اکثر مریض کے لواحقین کہتے ہیں کی ڈاکٹر صاحب مریض کو دو تین سال پہلے یرقان ہوا تھا لیکن اس کے بعد مریض کی صحت نہیں بنی تو ایسی کیفیت میں بھی برائی اونیا دیں گے۔

ہومیوپیتھک تصنیف " علاج بالمثل " میں لکھا ہے کہ برائی اونیا کینسر کی بھی دوا ہے۔

اور اگر اس کے ساتھ منہ کا ذائقہ کڑوا ہو تو نیٹرم سلف-6X دن میں 4-بار دیں۔ اور اگر زبان سفید ہو تو کالی میور-6X دن میں 4-بار دیں۔

(4) مریض کو یرقان ہو اور ساتھ میں قبض نہ ہو۔ مریض کو گرم مشروبات پینے کی خواہش ہو تو چیلیڈونیم-30 دن میں 4-بار دیں۔

Hepatic Jaundice جس میں جگر Involve ہوتا ہے۔ Post Hepatic Jaundice جس میں جگر سے اگلے جو مراحل ہیں وہاں پر مسائل ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے جگر کے اندر بھی اور خون کے اندر بھی ابسٹرکشن ہوتی ہے۔ جس طرح ہم دیکھتے ہیں کی گردے کی پتھری ہونے کے سبب ہائیڈرونیفروسس ہو جاتا ہے تو اسی طرح یہاں پر بھی یہی ہوتا ہے کہ جگر یا پتہ میں پتھری یا کسی رکاوٹ کی وجہ سے یرقان ہوتا ہے تو Post Hepatic Jaundice میں چیلیڈونیم سب سے بڑی دوا ہے۔ (پتے کے درد میں چیلیڈونیم کبھی ناکام نہیں ہوتی)۔

(5) مریض کو ٹھنڈے مشروبات پینے کی خواہش ہو تو فاسفورس-1M ہر پانچویں روز دیں۔

(6) سادہ یرقان ہو اور ساتھ میں قبض بھی ہو تو کارڈوس-30 دن میں 4-بار دیں۔ کارڈوس کو بلا علامت دیگر ادویات کے ساتھ دے سکتے ہیں۔ (کارڈوس جگر کی Portal Veins کی بلاکج کو بھی دور کرتی ہے)۔

(7) سادہ یرقان۔ مریض کو سر درد رہتا ہو (صفراوی مزاج مریض ہو)۔ اگر مریض میں پتہ کی پتھریاں بھی موجود ہوں تو چیو ننتھس-30 دن میں 4- بار دیں۔

(8) کروٹیلس ہورائیڈس-1M/10M/CM کی ایک خوراک دے دیں۔ مریض یرقان سے محفوظ ہو جائے گا۔

(9) مریض کہے کہ خوراک کے سامنے آتے ہی متلی یا قے آئے تا آپ یہاں آرسینک البم کو دیکھیں۔

(10) مریض کی تکلیف میں جب بگاڑ زیادہ ہو جائے۔ منہ میں رال کا بکثرت بننا۔ دائیں طرف لیٹنے سے تکلیف ہو تو مرک سال دیں۔

دیگر ادویات میں لائیکوپوڈیم اور ہائیڈراسٹس کو مد نظر رکھیں۔

خونی وبادی بواسیر
پاخانے کے وقت شدید درد
پاخانے کی جگہ سے خون آنا
قبض کا ہونا
بیٹھنے میں پریشانی
خارش، سوجن اور جلن کا ہونا
موسے مسوں کا ہونا
بواسیر کے درد اور تکالیف کے آسان اور مؤثر علاج کے لئے ابھی رابطہ کریں
0307-7583552
0343-4882710
ہومیوڈاکٹر محمد عمران

ہیپاٹائیٹس

(1) نمبر گروپ کی ادویات ہیپاٹائیٹس کے تمام مریضوں کو استعمال ہوں گی :

i. ہیپاٹائیٹس۔ جگر سکڑا ہوا ہو اور پیٹ میں پانی پڑا ہوا (بگڑا ہوا کیس)۔ ہو تو کارسی نوسینم -1M ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔

ii. ہیپاٹائیٹس بی-1M یا ہیپاٹائیٹس سی-1M نوسوڈ میں انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر دیں۔

iii. کولسٹرینم-3X/30 دیں۔ (جگر کی ساخت میں خرابیاں پیدا ہوں)۔

iv. دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دیں۔

v. چیلیڈونیم + کارڈوس + سیانوتھس + مائی ریکا + ہائیڈراسٹس = تمام ادویات مدر ٹنکچر میں ملا کر دیں۔

مریض کی علامات کے مطابق جو دوا بنے وہ دیں :

i. ہیپاٹائیٹس۔ مریض مایوس ہو گا۔ بہت ساری جگہوں سے گھوم پھر کر آیا ہو گا۔ خوف پایا جائے کہ پتہ نہیں کیا ہو جائے گا۔ کچھ ہو نہ جائے۔ خیال کرے کہ میں تو بس اب ختم ہو گیا تو اورم میٹ دیں۔

ii. ہیپاٹائیٹس۔ مریض مایوس نہیں ہو گا۔ پانی کم پیئے۔ سردی لگے۔ پیٹ میں پانی پڑا ہو۔ پیٹ بھرا ہوا ہو۔ پیٹ بڑھا ہوا ہو۔ پیٹ پر سوجن ہو گی۔ گھبراہٹ اور بے چینی ہو۔ مریض کا سانس پھولے۔ مریض کا چہرہ رخساروں پر سے سوکھا پچکا ہوا ہو گا۔ کبھی کبھار قے ہو تو آرسینک البم-200 دیں۔ (زیادہ تر کیس آرسینک البم میں آئیں گے)۔

iii. مریض کو گیسز کی شکایت ہو تو لائیکوپوڈیم دیں اور ساتھ میں اینٹی میازمیٹک میڈیسن دیں۔

iv. مریض کی تکلیف میں جب بگاڑ زیادہ ہو جائے۔ منہ میں رال کا بکثرت بننا۔ دائیں طرف لیٹنے سے تکلیف ہو تو مرک سال دیں۔

(2) جب مریض کے پیٹ میں پانی پڑا ہو تو مریض کہتا ہے کہ بھراؤ کا احساس ہو رہا ہے تو ایسکیولس ہپ-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(3) مریض کے منہ کا ذائقہ کڑوا ہو تو نیٹرم سلف-6X/30 دن میں 4-بار دیں۔

(4) مریض کی زبان سفید ہو تو کالی میور-6X دن میں 4-بار دیں۔

(5) مریض کو ٹھنڈے مشروبات پینے کی خواہش ہو تو فاسفورس-1M ہر پانچویں روز دیں۔

(6) مریض زیادہ مقدار میں پانی پیئے۔ پانی پینے کے بعد پیٹ میں درد ہو تو ایپوسائنم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(7) مریض بہت کمزور۔ پانی بہت زیادہ مقدار میں پیئے۔ پیشاب بہت زیادہ مقدار میں آئے اور پیلے رنگ کا آئے تو ایسٹک ایسڈم دیں۔

(8) مریض کمزوری کی وجہ سے نڈھال ہو۔ زبان سکڑی ہوئی ہو گی۔ جگر بھی سکڑا ہوا ہو گا۔ بخار بھی ہو گا تو میور ٹیکم ایسڈ دیں۔

(9) مریض کو ہیپاٹائیٹس کی وجہ سے مسلسل بخار ہو تو کبھی کبھار پائروجینم دے دیں۔

(10) مریض کو گرمی محسوس ہو تو سلفر دیں۔

(11) جسم میں درد یں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ تھکن ہوتی ہے۔ دبانے کو دل کرے تو آرنیکا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(12) مریضہ کو سانس میں گھٹن ہو اور گرمی محسوس ہو۔ بند کمرے میں نہ بیٹھ سکے۔ گلے میں کپڑا نہ لے سکے۔ جہاں مرض تیسرے درجے میں چلا جائے۔ جگر سکڑاؤ کی طرف ہو گا۔ ٹیومر ہو گا۔ Liver Abscess ہو تو لیکسس دیں۔

(13) مریض کو جگر کا ٹیومر ہو تو کولسٹرینم-1M To 3X دیں۔ ساتھ میں کارسی نوسینم دیں۔ دیگر علامات کے مطابق جو دوا بنے وہ دیں۔

(14) مریض کو سیاہ رنگ کے پاخانے آئیں تو لیپٹنڈرا-200/30 دیں۔

(15) کروٹیلس ہورائیڈس-CM/10M/1M کی ایک خوراک دے دیں۔ دیگر ادویات میں آرنیکا اور فاسفورس بھی خون کو روکتی ہیں۔

(16) مریض نیم بے ہوش ہے۔ کیس بہت زیادہ خراب ہے تو وہاں پر آپ آرنیکا اور نکس موسکاٹا کو نظر انداز نہیں کریں گے۔

(17) جگر کے کینسر میں کیڈمیم سلف دیں۔

دیگر ادویات میں آرسینک البم۔ ایپس ملفیکا۔ برائی اونیا۔ چیلیڈونیم۔ چیونینتھس۔ فاسفورس۔ کولسٹرینم۔ کارڈوس۔ مگنیشیا میور۔ لیکسس اور ہائیڈراسٹس ہیں۔

انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر دیگر ادویات کے ساتھ لائیکوپوڈیم-1M دیں۔

(18) یہ محسوس کریں کہ مریض کو دی گئی ادویات کی رفتار سست ہو گئی ہے تو کبھی کبھار اوپیم-1M لگا دیں۔

(نوٹ) ہیپاٹائیٹس کے مریض کو بخار کو حوالے سے پائروجینم-1M میں دے دیں۔

ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب کی تصنیف " جگر کے امراض " کا ضرور مطالعہ کریں۔

جگر کا سکڑ جانا– LIVER CIRRHOSIS

یہ ایک مزمن بیماری ہے۔ جس میں جگر کے خلیے تباہ ہو کر سخت ریشوں میں بدل جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے جگر سکڑنے لگتا ہے اور اپنا کام نہیں کر پاتا۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ دیگر ادویات میں آرسینک البم، چائنا، چیلیڈونیم، فاسفورس، کارڈوس، کولسٹرینم، لائیکوپوڈیم اور نکس وامیکا علامات اور کیفیت کے مطابق دیں۔

دل کے امراض / بلڈ پریشر

دل کے جتنے بھی مریض ہوں گے۔ میڈورینم-1M میں دیں۔

(1) مریض کہے کہ ڈاکٹر صاحب میں بولتا ہوں تو سانس پھولتا ہے اور چلتا ہوں تو سانس پھولتا ہے۔ جسم میں درد یں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ تھکن ہوتی ہے۔ دبانے کو دل کرے تو آرنیکا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ ساتھ میں کریٹے گس-30 دن میں 4-بار دیں۔

(2) مریض کو بلڈ پریشر۔ سر درد۔ گرمی لگے۔ پیاس ہو۔ گھبراہٹ اور دل کی دھڑکن تیز ہو۔ دھوپ میں نکلے تو سوئیاں چبھتی ہیں تو نیٹرم میور-1M ہر 3-2 روز بعد دیں۔ ساتھ میں کریٹے گس-30 دن میں 4-بار دیں۔ (لسی اور لیموں کا پانی استعمال کروائیں)۔

(3) مریض کے دل کی دھڑکن تیز ہو تو سپائی جیلیا-200 اور آرنیکا-200 ادل بدل کر دیں۔

(4) مریض کہے کہ مجھے گھٹن محسوس ہو رہی ہے تو کیکٹس کے ساتھ آرنیکا ادل بدل کر دیں۔

(5) مریض کہے کہ مجھے دل کا درد ہو رہا ہے تو لیٹروڈکٹس کے ساتھ آرنیکا دیں۔

(6) مریض کو اگر غم ہے تو اگنیشیا دے دیں۔

(7) مریض پر خون۔ شدید سر درد اور تپکن ہو تو بیلاڈونا دیں۔ (بیلاڈونا کے مریض اکثر کلکیریا کارب سے مستقل ٹھیک ہوتے ہیں)۔

(8) مریض نوجوان ہے اور اسے دل کو مسئلہ ہے تو کالی فاس + کریٹے گس + ناجا ملا کر دیں۔

(نوٹ) آرسینک آئیڈائیڈ-30 دل کے بہت سارے کیسز ٹھیک کر دیتی ہے۔ دل کے مریض کو اگر آپ آرسینک آئیوڈائیڈ نہیں دے رہے ہیں تو پھر آپ مریض کے ساتھ بہت ظلم کر رہے ہیں۔ اور اگر کوئی کیس پھنس رہا ہو تو ساتھ کانولیریا-30 دیں۔

(9) مریض کو اگر پیاس زیادہ لگے۔ چہرہ دیکھنے میں بھاری ہو تو فاسفورس دیں۔

(10) مریض کے لواحقین آپ کو یہ بتائیں کہ مریض ہر وقت خاموش رہتا ہے۔ اگر اس سے زبردستی بات کریں تو پھر بات کرتا ہے ورنہ خاموش ہی رہتا ہے۔ مریض کو بلڈ پریشر کی زیادتی ہو تو ایسڈ فاس دیں۔ (نوٹ) اگر آپ ایسڈ فاس کا مطالعہ کریں گے تو آپ کو بلڈ پریشر کم لکھا ہوا ملے گا لیکن دیگر علامات پر آپ ایسڈ فاس ہی دیں گے۔

(11) مریض مختلف مسائل کا شکار ہو گا۔ دل کی تکالیف اور بلڈ پریشر ہائی ہو گا۔ معدہ کی تکالیف کا شکار ہو گا اور اکثر ایلوپیتھک کیپسول کھاتا رہتا ہے۔ مریض کو بے چینی۔ چہرے سے پریشانی کا ظاہر ہونا۔ خوف۔ گھبراہٹ ہو۔ سانس پھولے۔ پٹھوں میں درد۔ مریض اکثر ڈاکٹر بدلے تو آرسینک البم-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(12) بہت ساری خواتین آتی ہیں۔ جب آئیں گی تو ان کا سانس پھولا ہوا ہو گا۔ گھبراہٹ ہو گی۔ وجود بھاری ہو گا۔ معدہ پر بوجھ ہو گا۔ سر بھاری ہو گا۔ بند کمرے میں نہ بیٹھا جائے۔ سر پر اکثر پٹی بندھی رہے تو پلسٹیلا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(13) مریض نوجوان۔ جب کھائے تو پیٹ پھول جائے۔ گیس کی شکایت کرے۔ زیادہ غصہ آئے تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(14) مریض کا سر بھاری ہو۔ غصے والا ہو۔ بڑے بڑے ڈکار لے گا تو ارجنٹم نائٹریکم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

مریض اگر آپ کے پاس آکر یہ شکایت کرے کہ اس کا بلڈ پریشر بھی بڑھتا ہے۔ اس کا معدہ بھی خراب ہے۔ اس کا جگر بھی خراب ہے تو پھر آپ اس کی فیزیکل پر سنیلٹی کو مد نظر رکھتے ہوئے دوا کا انتخاب کریں گے۔ یہاں پر ہم بیلاڈونا۔ راؤولفیا۔ کریٹے گس کا انتخاب نہیں کریں گے۔

دیگر ادویات میں ارجنا-Q اور اورم میٹ کو نظر انداز نہ کریں۔

بچے کے دل میں سوراخ

ATRIAL & VENTRICULAR SEPTAL DEFECTS – ASD/VSD

ریڈیم برروم-30 ہفتہ میں ایک بار دیں۔

(1) بچے میں بے چینی کا احساس ہو تو آرسینک البم دیں۔

(2) بچے میں سردی کا احساس ہو تو نیٹرم سلف دیں۔

(3) ماں بچے کو لٹانا چاہے تو بچہ گھبرا جائے تو بوریکس دیں۔ (یہاں ابراٹینم کی علامات بھی دیکھیں۔ ابراٹینم یہاں کام کرے گی)۔

(4) دل کی دھڑکن تیز ہو جائے تو سپائی جیلیا-200 روزانہ ایک بار دیں۔ 30-میں بھی دے سکتے ہیں۔ سانس تنگ ہو رہا ہو تو ساتھ میں کانولیریا کو بھی مد نظر رکھیں۔

سر درد

دنیا کی تیسری بڑی بیماری سر درد ہے۔ مہروں کے مرکزی اعصابی نظام کی خرابیوں کی بنا پر دماغ اور سپائنل کارڈ میں نقائص ہوتے ہیں۔

دن کے وقت سر درد ہو تو ٹیوبر کیولینم دیں۔ رات کے وقت سر درد ہو تو سفلینم دیں۔ اگر سر درد میں بار بار ہونے کا رجحان پایا جائے تو نیٹرم میور دیں۔

(1) سر درد سامنے پیشانی میں ہو۔ صبح آنکھ سر درد سے کھلے اور پھر کچھ دیر بعد سر درد ختم ہو جائے۔ سر میں بھاری پن، بوجھ پڑے۔ لیٹنے سے سر درد میں آفاقہ ہو۔ حرکت کرنے سے اور جھکنے سے زیادتی ہو۔ تھوڑا سا بھی سر ہلانے یا آنکھوں کو حرکت دے تو سر درد ہو تو برائی اونیا دیں۔

(ان علامات پر چاہے سر درد نیا ہے یا سالوں پرانا۔ دوا برائی اونیا ہو گی)۔

(ہیڈ انجری میں مریض بے ہوش ہو اور جب ہوش آئے تو پھر کافی عرصہ تک چکر آتے رہتے ہیں تو برائی اونیا دیں)۔

(2) آرام سے لیٹنے میں درد میں زیادتی ہو۔ جھٹکے سے سر درد بڑھے۔ درد یکدم آئے اور یکدم جائے۔ ہیڈ انجری میں سر درد لیٹنے سے بڑھے تو بیلاڈونا دیں۔

(3) سر درد کو گرمائش میں آرام آئے تو کوکولس دیں۔

(4) سر درد کو گرمائش میں آرام آئے۔ کھلی ہوا میں زیادتی ہو تو مگنیشیا فاس دیں۔

(5) درد پیچھے بیک سے شروع ہو کر نیچے کی طرف جائے تو کالمیا دیں۔

(6) سینے میں جلن۔ سر درد کے ساتھ متلی۔ قے ہو تو آئرس ورس دیں۔

(7) مریض صفراوی مزاج ہو۔ سر درد رہتا ہو تو چیو ننتھس دیں۔

(8) کھانے کے بعد مریض کا ذہن الجھ جائے۔ سمجھ نہ آئے۔ تھوڑا سا ذہنی کام کرنے سے سر درد ہو تو نیٹرم کارب دیں۔

(9) سر درد۔ کھانا کھانے کے بعد غذا ٹھیک سے ہضم نہ ہو۔ قبض۔ بار بار حاجت۔ مریض ذہنی کام کرنے کے قابل نہ ہو تو نکس وامیکا دیں۔

سر کے سامنے پیشانی میں درد :

(1) آرام سے لیٹنے میں درد میں کمی ہو۔ سو کر اٹھتے ہی فوری درد ہو۔ پانی کی پیاس زیادہ ہو۔ سر کو جھکانے سے سر درد میں زیادتی ہو تو برائی اونیا دیں۔

(2) سر درد سامنے پیشانی میں ہو۔ پانی کی پیاس کم ہو تو پلسٹیلا دیں۔

(3) سر درد سامنے پیشانی میں ہو۔ پانی کی پیاس زیادہ ہو۔ صبح اٹھنے کے کچھ دیر بعد سر درد ہو۔ سر درد سورج کے طلوع ہونے کے ساتھ ساتھ بڑھتا ہے۔ مریض صبح ٹھیک اٹھتا ہے لیکن کچھ دیر بعد پھر آہستہ آہستہ سر درد بڑھے۔ دھوپ، گرمی سے سر درد میں زیادتی۔ بار بار کے ہونے والے سر درد ہوں تو نیٹرم میور دیں۔

سر کے پیچھے والے حصہ میں درد :

(1) سکول کے پڑھنے والے، ذہنی کام کرنے والے نوجوان طالب علموں اور لوگوں میں سر درد۔ پڑھنے سے بچوں میں سر درد اور گردن درد ہو۔ سست۔ لیٹے رہنے کی خواہش ہو تو ایسڈ پکرک دیں۔

(2) دائیں سائیڈ گردن سے درد شروع ہو کر دائیں آنکھ میں ٹھہر جائے۔ سردی سے، ٹھنڈی ہوا کے لگنے پر سر درد میں زیادتی۔ مریض ہوا کو برداشت نہیں کر سکتا۔ سر درد کو لیٹنے سے، اندھیرے سے اور گرمائش سے آرام آئے۔ سر کو کپڑے سے ڈھانپ دے۔ سست۔ لیٹے رہنے کی خواہش ہو۔ پاؤں سے سینک نکلے لیکن ٹانگوں پر ٹھنڈی ہوا برداشت نہیں ہوتی تو سلیشیا دیں۔ (ایسے درد عموماً سورائنم یا سلیشیا میں ہوتے ہیں)۔

(سلیشیا شوگر کی بہت بڑی دوا ہے)۔ (سلیشیا پلسٹیلا کی معاون دوا ہے)۔ (پلسٹیلا کی خواتین میں بھی پاؤں سے سینک نکلتا ہے لیکن ٹانگوں پر ٹھنڈی ہوا برداشت ہوتی ہے۔ سر باندھا ہوا ہو۔ سر میں بھاری پن۔ جھکنے سے سر درد زیادہ ہو لیکن قدرے ہلکا سر درد)۔

(3) مریض میں لیٹے رہنے کی خواہش۔ سست۔ سر درد کو کھلی ہوا میں آرام ہو۔ مریض میں کمزوری اور نقاہت۔ کپکپی ہو تو جلسی میم دیں۔

دائیں سائیڈ کا سر درد :

(1) سر درد صبح اٹھنے کے بعد سورج کے طلوع ہونے پر دن کے وقت ہو۔ جھکنے سے سکون ملے تو سنگونیریا دیں۔

(2) سر درد شام میں، رات کو۔ بھوک کی وجہ سے سر درد ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔

بائیں سائیڈ کا سر درد :

(1) سر درد اگر دن کے وقت ہو۔ سر درد لیٹنے سے اور دل کی دھڑکن ہو تو سپائی جیلیا دیں۔

(2) سر درد رات کو سونے سے اور سونے کے بعد ہو۔ سو کر اٹھے تو سر درد ہو۔ نیند کے بعد علامات بڑھیں تو لیکسس دیں۔

(نوٹ) دیگر ادویات میں انا سموڈیم کو بھی مد نظر رکھیں۔

چکر آنا - VERTIGO

(1) مریض کو اگر چلنے چکر آئیں تو برائٹا کارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(نوٹ) اس کے علاوہ چاہے مریض کا بلڈ پریشر کا مسئلہ ہو یا پراسٹیٹ کا۔ وہ بھی اس دوا سے ٹھیک ہو جائے گا۔

(2) مریض کو اگر لیٹے ہوئے چکر آئیں تو کونیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(3) مریض کو اگر نیند کی کمی کی وجہ سے چکر آئیں۔ ہاتھ پاؤں سن ہوں۔ پٹھوں میں کھچاؤ۔ ساتھ متلی ہو تو کوکولس-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

بچوں کی مزاجی ادویات

پلسٹیلا : بچہ حلیم الطبع۔ (تحمل۔ ماننے والا۔ صبر کرنے والا۔ ہمدرد۔ خیر خواہ۔ نرم مزاج۔ اڑیل نہیں ہوتے)۔ پلسٹیلا کے آنسو اس کی نرم دلی کی وجہ سے آئیں گے نہ کہ اس کے پیچھے غصہ ہو گا۔ (پلسٹیلا کے آنسو محبت والے ہوں گے۔ نفرت والے نہیں ہوں گے)۔

پلاٹینا : بچہ بہت زیادہ ضدی۔ مغرور۔ بچے کو تھوڑا سا بھی دھمکایا تو آگے سے ہنسنے لگ جائے۔ آپ کی بات کو اہمیت نہیں دے گا۔ بچے کو کسی قسم کا کوئی اثر نہیں ہو گا۔

بچے کو مان ہو کہ میری والدہ ان پڑھ ہے اور میں بہت پڑھا لکھا ہوں۔ آج کل بہت زیادہ بچے پلاٹینا کے ہوتے ہیں۔

کیموملیا : بچہ میں ضدی پن ہو۔

کلکیریا فاس : سکول جانے والے بچہ کا سر درد۔ بچہ سردی محسوس کرے۔ پانی کم پیئے۔ پاؤں ٹھنڈے۔ جسمانی ساخت میں بچہ دبلا پتلا ہو۔

بچیوں کی جسمانی ساخت کو مد نظر رکھتے ہوئے میں نے بریسٹ ٹیومر کی کئی بچیوں کو کلکیریا فاس-30 میں دی اور اللہ رب العزت کے حکم سے شفایابی ہوئی۔ چھوٹی بچیوں کے لیکوریا میں کلکیریا فاس سے بڑی دوا کوئی نہیں۔ کلکیریا فاس میں گلے میں گلٹیاں ہو سکتی ہیں۔

نیٹرم میور : سکول جانے والے بچہ کا سر درد ہو۔ بچہ گرمی زیادہ محسوس کرے۔ پانی زیادہ پیئے۔ پاؤں گرم۔ جسمانی ساخت میں بچہ دبلا پتلا ہو۔

لیکسس : بچہ گھر میں فساد برپا کئے رکھے گا۔

گردن کے مہروں کا درد

(1) مریض اگر سرد گرم ہوا ہو تو رہسٹاکس دیں۔

(2) مریض کو بے چینی۔ جوڑوں کا درد۔ دن میں تکالیف میں آفاقہ اور رات کو تکالیف میں زیادتی۔ گنٹھیا۔ مریض میں اعصابی تکالیف موجود ہوں تو سیمسی فیو گا دیں۔

(3) مریض کی گردن اکڑ جائے۔ موسم دن میں گرم اور راتیں ٹھنڈی ہوں تو ڈلکمارا دیں۔

(4) تھوڑی سی حرکت سے تکالیف میں اضافہ ہو تو برائی اونیا دیں۔

(5) مریض کے پٹھوں میں کھچاؤ۔ ہاتھ پاؤں سن ہوں۔ پیشاب کثرت سے آئے تو کاسٹی کم دیں۔

(6) بازو سن ہوں۔ چکر آئیں اور متلی ہو۔ نیند کی کمی ہو تو کوکولس دیں۔

(7) مریض جسیم (موٹا)۔ گردن بھاری۔ جسم پر کہیں کہیں موسکے ہوں تو تھوجا دیں۔

(8) مریض کے گردن کے مہرے متاثر۔ گردن میں درد۔ مریض گردن دائیں بائیں نہ کر سکے تو لکنتھس دیں۔

(نوٹ) مریض کے انتہائی درد کی صورت میں دوا کو ہر آدھے آدھے گھنٹے بعد دہرائیں۔ مریض کو آرام آنے کی صورت میں دوا کا وقفہ بڑھا دیں۔

کمر درد

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں :

سفلیٹک میازم ہے تو سفلینم-1M ہفتہ میں ایک بار دیں۔ اور اگر سائیکوٹک میازم ہے تو میڈورینم-1M ہفتہ میں ایک بار دیں۔

(1) مریض کا درد کمر کے بل لیٹنے سے کم ہو تو روٹا-1M ہفتہ میں 2- بار دیں۔

(2) مریض کا درد لیٹنے سے بڑھ جائے اور چلنے سے کم ہو تو رہسٹاکس دیں۔

(3) مریض کا کمر درد بیٹھنے سے بڑھ جائے تو ایمونیا میور دیں۔

(4) مریض کے پٹھوں میں کھچاؤ۔ ہاتھ پاؤں سن ہوں۔ پیشاب بکثرت آئے تو کاسٹی کم دیں۔

(5) مریض کی ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ لگی ہو تو ہائی پریکم دیں۔

کمر درد ۔ ریڑھ کی ہڈی کا دبنا ۔ مہروں کا ہلنا
گردن اور کندھے کے پٹھوں کا درد
شیاٹیکا (عرق النساء) ۔ ران اور کولہوں میں درد
گنٹھیا ۔ جوڑوں میں درد ۔ یورک ایسڈ کی زیادتی
اور اعصابی پٹھوں کا درد ہو تو
مفید اور بہترین علاج کے لئے رابطہ کریں
شعیب ہومیو پیتھک کلینک
0307-7583552 = 0343-4882710

شیاٹیکا پین۔ عرق النساء (لنگڑی کا درد)۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں: یہ اکثر سفلیٹک میازم میں پایا جاتا ہے۔ بقیہ میازم میں بھی موجود ہو گا۔

سفلینم (کمر درد سے شروع ہو تو) اور میڈورینم دیں۔ ہائپریکم (کولہے سے درد شروع ہو تو)۔ بہت سے کیس کلیئر ہو جائیں گے۔

پھر بھی کیس پھنسے تو کارسی نوسینم-200 کبھی کبھار دے دیں۔

(1) چلتے ہوئے درد میں آفاقہ ہو تو رہسٹاکس دیں۔

(2) بیٹھنے ہوئے آفاقہ اور سن پن ہو تو نیفائیلم دیں۔

(3) لیٹنے سے آفاقہ ہو تو ایمونیم میور اور کونیم دیں۔

(4) دبانے سے آفاقہ ہو تو مگنیشیا فاس۔ کالوسنتھ دیں۔

(5) دائیں ٹانگ میں درد۔ پوری ٹانگ میں کھچاؤ اور سن پن کا احساس ہو تو کاسٹی کم-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(6) بائیں ٹانگ میں درد ہو تو وسکم البم-1M/200 دیں۔ (مریض کا نہ صرف درد ٹھیک ہو گا بلکہ بلڈ پریشر بھی ٹھیک ہو جائے گا)۔

(7) مریض کی ٹانگ ٹھنڈی ہو جائے۔ دائیں سائیڈ ہو یا چاہے بائیں سائیڈ ہو تو وریٹرم البم دیں۔ ساتھ انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر ویلریانہ اور ہائی پریکم دیں۔

جوڑوں کا درد

بچوں میں جوڑوں کا درد ہو تو سفلینم-1M دیں۔ بڑی عمر کے مریضوں میں جوڑوں کا درد ہو تو اورم میٹ-1M دیں۔

مریض میں اگر TB ہسٹری ہو تو ٹیوبر کیولینم کی جگہ ڈروسرا-1M (ہڈیوں کی دوا) دیں۔

مریض کو کبھی کبھار میڈورینم-1M ، آسٹیو آرتھرائیٹس-1M اور ریڈیم بروم-200 میں دے دیں۔

(نوٹ) مریض کو میڈورینم دینے سے کام نہیں کر رہی تو پھر آپ ٹیوبر کیولینم دے دیں۔ اور اگر ٹیوبر کیولینم کام نہیں کر رہی تو پھر آپ کارسی نوسینم دے دیں اور اگر کارسی نوسینم کام نہیں کر رہی تو تو پھر آپ ایکسرے دے دیں۔ اور اگر ایکسرے کام نہیں کر رہی تو پھر آپ سول دے دیں۔

(1) گھٹنوں میں درد اور سوزش ہو تو فارمیکاروفا-30 ، روٹا-30 ، چیلیڈونیم-30 دے دیں۔

(2) جوڑوں پر سوجن ہو۔ حرکت کرنے سے دردوں میں اضافہ ہو تو برائی اونیا دیں۔

(3) آرام کرنے سے دردوں میں اضافہ ہو تو رہسٹاکس-200 دیں۔

(4) مریض کبھی ایک ٹانگ پر وزن دے کر چلے اور کبھی دوسری ٹانگ پر وزن دے کر چلے تو اگریکس-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ میڈورینم بھی دیں۔

(5) مریض پریشان۔ سردیوں میں تکلیف زیادہ ہو۔ مریض کو درد کی وجہ سے پاؤں پر سوجن ہو تو آرسینک البم-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(6) خواتین میں زیادہ تو جوڑوں کے درد کے کیسز پلسٹیلا میں ملتے ہیں۔

(7) انگلیوں پر درد اور سوجن ہو تو اکٹیا سپائی کا ٹا دیں۔

(8) انگلیوں پر درد اور سوجن نہ ہو تو تھیلیم دیں۔

(9) ہاتھ پاؤں میں کھچاؤ اور سن پن کا احساس ہو۔ پیشاب بکثرت آئے تو کاسٹی کم دیں۔

اس کے علاوہ دیگر ادویات میں کالچی کم-200 کو بھی مد نظر رکھیں۔

فالج

(1) مریض اگر یہ کہے کہ اس کو فالج کا اٹیک تازہ ہوا ہے تو اس کو ایکونائٹ-1M ، کاسٹی کم-1M ، کالی فاس-1M کی تین چار خوراکیں جلدی جلدی ہر آدھے آدھے گھنٹے بعد دیں۔ مریض انشاءاللہ کچھ ہی دیر میں ٹھیک ہو جائے گا۔

(2) فالج کا مریض اگر مایوسی کا شکار ہے اور بلڈ پریشر بڑھا ہوا ہو تو اورم میٹ دیں۔

میں اپنے کلینک پر فالج کا جو نسخہ استعمال کرتا ہوں وہ یہ ہے:

رہسٹاکس-1M بوقت صبح۔ جلسی میم-1M بوقت دوپہر ۔ کاسٹی کم-1M بوقت شام

ٹانگ کا فالج ہو جائے تو برائٹاکارب، جلسی میم کے ساتھ اگیریکس بھی دیں۔

(نوٹ) میرے کلینک پر CP Child بچے بہت زیادہ آتے ہیں۔ CP Child بچے چونکہ معذور ہوتے ہیں اس لئے میرا ذہن فالج کے مریضوں کی طرف گیا کہ فالج کے مریض بھی تو معذور ہی ہو جاتے ہیں۔ اس لئے میں نے فالج کے مریضوں کو اگیریکس-1M ہر 4-3 دن بعد دینا شروع کی تو پھر بگڑے کیس بھی ٹھیک ہو گئے۔ اس لئے آپ بھی اس دوا کو مد نظر رکھیں۔ بقیہ دوائیں علامات کے مطابق دیں۔

لقوہ

کاسٹی کم-30 اور کالی فاس-30 دیں۔

اگر مرض کا اٹیک فوری ہے تو دوا کو بار بار دہرایا جائے۔ اگر مرض پرانا ہے تو پھر میازم ساتھ لگائیں۔

مردوں یا خواتین میں ہاتھ پاؤں کا سن ہونا

اگیریکس-1M ہر 4-دن بعد دیں۔

اس کے ساتھ کاسٹی کم-30 اور کالی فاس-30 دن میں 4-بار دیں۔

شوگر

شوگر ایک دائمی بیماری ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ جسم کے کئی اہم اعضاء اور نظاموں پر نقصان دہ اثر ڈالتی ہے۔ اگر بلڈ شوگر کا لیول کنٹرول میں نہ رکھا جائے تو یہ درج ذیل اور نظاموں کو متاثر کر سکتی ہے :

- آنکھوں کی چھوٹی خون کی نالیاں (Diabetic Retinopathy) متاثر ہوتی ہیں جن سے نظر دھندلی ہو جاتی ہے یا مکمل اندھا پن ہو سکتا ہے۔
- دل کی بیماری (Heart Attack) اور ہائی بلڈ پریشر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔
- گردے کی باریک خون کی نالیاں (Diabetic Nephropathy) متاثر ہوتی ہیں جس سے گردے ٹھیک سے فلٹریشن نہیں کر پاتے۔
- ہاتھوں اور پاؤں میں سن پن ہونا (Neuropathy)۔ جلن اور درد کا ہونا۔ اعصابی کمزوری کی وجہ سے توازن میں مشکل ہونا۔ پاؤں میں خون کی روانی کم ہونے اور اعصاب کی خرابی کے باعث چھوٹے زخم بھی ناسور بن سکتے ہیں۔
- فالج (Stroke) کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کیونکہ شوگر خون کی نالیوں کو تنگ اور سخت کر دیتی ہے۔
- جلد پر خارش، الرجی، زخموں کا دیر سے بھرنا۔
- مردوں میں عضو تناسل میں سختی (Erectile Dysfunction) کا مسئلہ۔ عورتوں میں بھی جنسی کمزوری اور خشکی وغیرہ کے مسائل۔
- دیگر مسائل میں معدہ کی تکالیف، جوڑوں کا عارضہ، پیاس کا لگنا، پیشاب کا بار بار آنا، وزن کا کم ہونا اور زخم کا دیر سے بھرنا۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ کارسی نوسینم۔ ٹیوبر کیولینم۔ میڈورینم۔ سفلینم۔ تمام دوائیں 1-1 ہفتہ کے وقفہ سے ایک ایک خوراک دینی ہیں۔

نانا کے خاندان کی طرف سے شوگر ہے تو ٹیوبر کیولینم دیں۔ اور اگر دادا کے خاندان کی طرف سے شوگر ہے تو کارسی نوسینم دیں۔

مریض کا جسم جسیم (موٹا) ہے۔ سر کے بالوں کو کنگھا پیچھے کی طرف کرے تو میڈورینم-1M دیں۔

مریض کے دانت چھوٹے اور آگے پیچھے ہوں۔ سر کے بال کم ہوں۔ نقوش تیکھے ہوں تو سفلینم-1M دیں۔

ان کے ساتھ الیگزونم-1M/200/30 بلا علامت دیں۔ ان کے ساتھ علامات کے مطابق جو دوا بنے وہ دیں۔

دیگر ادویات میں رہس ایرومیٹک اور Phloridzin-6C کے استعمالات سے بہترین نتائج ملتے ہیں۔

(1) مریض کا جسم دبلا پتلا اور کمزور ہے تو ٹیوبر کیولینم-1M مہینہ بعد ایک خوراک دیں۔ اگر مریض کہے کہ ہاتھ پاؤں جلتے ہیں تو ٹیوبر کیولینم دے کر اگلے روز سلفر-1M ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔ اور اگر مریض کہے کہ پاؤں نہیں جلتے۔ گرمی محسوس کرے اور ٹھنڈا پانی پینے کی طلب ہو تو فاسفورس دیں گے۔

(2) پٹھوں میں کھچاؤ۔ سن پن کا احساس۔ اعصاب تھکے ہوئے ہوں۔ چہرے پر کہیں نہ کہیں وارٹس ہوں گے۔ بال سفید ہوں گے لیکن بالوں پر کلر نہیں لگائے گا۔ جب سر پر کلر لگائے تو داڑھی پر کلر نہیں لگائے گا تو کاسٹی کم-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(3) اور اگر اسکے بعد بھی مریض یہ شکایت کرے کہ اس کے ہاتھ پاؤں سن ہیں تو پھر اس کو اگیریکس-1M ہر 4-دن بعد دیں۔

(4) کمزوری۔ پٹھوں میں کھچاؤ نہ ہو۔ جسم پر، چہرے پر اور گردن پر سیاہی مائل چھائیاں دھبے ہوں۔ قبض کی کیفیات ہوں تو پلمبم میٹ-1M ہر 4-دن بعد دیں۔

(5) مریض کا سانس پھولا ہوا ہو۔ بات ہیر پھیر کر کے کرے۔ سوال کچھ کرو جواب کچھ دے گا۔ گفتگو میں تسلسل نہ ہو۔ منہ خشک اور کڑوا۔ پیاس نہیں ہو گی۔ سر بھاری ہو گا۔ معدہ پر بوجھ ہو گا۔ پاؤں میں سوجن جلن ہو گی تو پلسٹیلا دیں۔

(6) مریض جب رات کو سوئے تو اس کی ٹانگوں میں بے چینی ہو۔ کبھی اس کروٹ تو کبھی اس کروٹ۔ صبح اٹھتے وقت اس کا جسم اکڑا ہوا ہو گا۔ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے اس کا وجود کھل جائے گا تو رہسٹاکس-1M دیں۔

(7) مریض کو کسی بات میں دلچسپی نہ ہو۔ کسی کام سے غرض نہ ہو۔ اپنے اندر ہی گم ہو۔ خاموش طبعیت ہو تو ایسڈ فاس-1M ہر 4-روز بعد دیں۔

(نوٹ) شوگر کے ساتھ اگر بینائی کا مسئلہ ہو تو وہاں ایسڈ فاس کام کرے گی۔

(8) مریض دبلا پتلا ہو اور شوگر ہو تو آرسینک بروم-30 دیں۔ (آرسینک بروم دبلے پتلے اشخاص پر زیادہ کام کرتی ہے جبکہ موٹے اشخاص پر کم کام کرتی ہے)۔

(9) مریض کو شوگر کے ساتھ تھکاوٹ بہت زیادہ ہو۔ مریض کا دبوانے کا دل کرے تو آرنیکا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(10) مریض کو شوگر زیادہ نہ ہو لیکن کمزوری محسوس کرے تو کالی فاس-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(11) مریض کو شوگر کے ساتھ جنسی کمزوری ہو تو کوکا-1M ہر 4-دن بعد دیں۔

(12) مریض کو پیاس زیادہ لگے۔ پیشاب زیادہ آئے تو یورینیم نائٹریکم دیں۔

(13) مریض کو اگر انسولین لگ رہی ہے تو انسولینم-200 بعد نماز مغرب روزانہ ایک خوراک دیں۔

(14) شوگر کے مریض کا زخم اگر گل سڑ کر خراب ہو گیا ہو تو سائی زی جیم-1M دیں۔ سکیل کا رہے۔

دیگر ادویات میں انتھراسینم، بیسی لینم، کاسٹی کم، کالی فاس اور گریفائیٹس ہیں۔ (سائی زی جیم، کاسٹی کم اور کالی فاس کو نظر انداز نہیں کرنا)۔

(شوگر کی وجہ سے گردوں کا ناکارہ ہونا : سکیل کا رہت کارآمد دوا ہے)۔ یہاں پر کاسٹی کم کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

(15) مریض سائیکوٹک اور صفراوی مزوج ہے۔ منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہے تو نیٹرم سلف-30 دن میں 4-بار دیں۔

(16) مریض تیزابیت کا شکار ہے تو نیٹرم فاس-30 دن میں 4-بار دیں۔

میرے کلینک پر ایک مریض آیا۔ اس کی بینائی ختم ہو چکی تھی۔ بچے پکڑ کر لاتے تھے۔ اب بینائی ٹھیک ہے۔ مریض خود چل کر کلینک پر آتا ہے۔

میں نے ان کو یہ ادویات استعمال کروائیں:

ٹیوبر کیولینم-1M، الیگزونم-1M، کاسٹی کم-1M، کالی فاس-30، کلکیریا فلور-30 (بینائی کے حوالے سے کاسٹی کم بہت بڑی دوا ہے)۔

(17) ہاتھوں اور پاؤں میں سن پن ہوتا ہو تو اگیریکس-1M ہر 3-دن بعد دیں۔ کاسٹی کم اور کالی فاس دیں۔

گردے کی پتھری

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : ٹیوبر کیولینم (اگر پتھری خاندان میں چلی آ رہی ہے)۔ میڈورینم۔ کارسی نوسینم۔

(1) دائیں گردہ کا درد ہو تو اوسیم کینم-1M/200 دیں۔

(2) بائیں گردہ کا درد ہو تو بربرس ولگرس-1M/200 دیں۔

اگر مریض پھر بھی کہے کہ درد میں آرام نہیں آیا تو کالوسنتھ اور سٹافی سگیریا مکس کر کے دے دیں۔

(3) دائیں گردہ کا درد ہو ساتھ میں گیسز کی شکایت ہو تو اوسیم کینم کی جگہ لائیکوپوڈیم دیں۔

(نوٹ) اگر تکلیف بار بار ہو رہی ہو تو میازمیٹک دوا میڈورینم ساتھ ضرور دیں۔ تکلیف بار بار نہیں ہو گی۔

(4) پتھری توڑنے کی ادویات: کلکیریا رینالس-1M ، تھلاسپی برسا-30 ، ہائیڈرنجیا (پتھری اگر بڑی ہے تو)۔

(5) مریض نے پتھری کا آپریشن کروایا پھر بھی پتھری بن گئی یا پتھری بار بار بن جائے تو کلکیریا رینالس-1M ہر 5-4 دن بعد دیں۔
کلکیریا رینالس دوا دینے کا ایک فائدہ یہ ہو گا کہ گردہ سکڑاؤ کی طرف نہیں جائے گا۔ گردہ محفوظ رہے گا۔
گردے کے سکڑاؤ میں پلمبم میٹ-1M کے ساتھ کلکیریا رینالس-1M میں دیں۔

(نوٹ) میازم کے حوالے سے جہاں گردے سکڑاؤ میں ہوتے ہیں وہاں ٹیوبر میازم ہو گا اور اکثر یہ سائیکوٹک ہو گا۔

(6) پیشاب قطرہ قطرہ آئے اور جلن کے ساتھ آئے تو کینتھرس دیں۔

(7) اگر مریض کو درد گردہ کے ساتھ پسینہ آیا ہوا ہے تو وریٹرم البم-200 دیں۔ گردے کا درد رک جائے گا۔

(8) درد گردہ میں ایکونائٹ-1M اور بیلاڈونا-1M ہر 5-5 منٹ بعد دیں۔ گردہ میں سوزش ہو گی۔ سر درد ہو گا۔

(نوٹ) سوزش جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو گی تو سر درد ہو جاتا ہے۔ مریض صحت مند۔ سوزش والا درد گردہ ہو گا۔

ہمارے محترم ہومیو پیتھک ڈاکٹر وقار احمد بھٹہ صاحب مشورہ دیتے ہیں کہ اگر مریض کو پیشاب نہ آئے۔ مریض کمزور ہو اور متلی ہو تو کالچیکم کا استعمال کیا جائے۔
جب کہ میں مریض کو پیشاب نہ آنے پر کیوپرم آرس-1M ہر چوتھے دن بعد دیتا ہوں۔

ہمارے محترم ہومیو پیتھک ڈاکٹر وقار احمد بھٹہ صاحب اگر پتھری کا اخراج نہ ہو تو کالوفائیلم-10M میں ایک خوراک کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔

ہائیڈرونیفروسس : علامات کے مطابق ایپس ملفیکا، لائیکوپوڈیم اور نیٹرم میور کو مد نظر رکھیں۔

کریٹانائن / یوریا (گردے کا ناکارہ پن)۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : ٹیوبر کیولینم۔ کارسی نوسینم۔ میڈورینم۔ ٹائیفائیڈ ینم۔

(1) چہرے پر آنکھوں کے نیچے گالوں پر سوجن ہو۔ ٹھنڈے پانی کو خواہش ہو تو فاسفورس-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ زنجبر-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(2) سر بھاری۔ غنودگی۔ پریشانی۔ سوال کچھ کرو جواب کچھ دے۔ خراٹے آئیں۔ قبض۔ پیشاب نہ آئے۔ گردے ڈائیلاسس پر ہوں۔ کریٹانائن بڑھا ہوا ہو تو اوپیم-1M ہر 4-دن بعد دیں۔ مریض کو اگر پیاس لگے تو زنجبر-30 دن میں 4-3 بار دیں

(3) مریض کا کریٹانائن اور بلڈ پریشر بڑھا ہو اور گردے خراب ہو رہے ہوں تو پکرک ایسڈ-200 روزانہ ایک بار دیں۔

(4) آنکھوں کے پپوٹوں کے نیچے سوجن۔ پاؤں پر سوجن۔ گڑھا پڑے۔ مریض کا سانس پھولتا ہے۔ گرمی لگتی ہے۔
پیاس نہ لگے تو ایپس ملفیکا-200 روزانہ ایک بار دیں۔ (جب مریض کا سانس بحال ہو جائے اور پیشاب آنا شروع ہو جائے تو دوا کا وقفہ تیسرے چوتھے دن کر دیں)۔

(5) مریض غصے والا۔ پیشاب پیلا آئے۔ پیٹ میں گیسز زیادہ ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(6) مریض کو پیشاب نہ آ رہا ہو اور گرمی بھی نہ لگ رہی ہو تو کیوپرم آرس-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(7) سر درد۔ دھوپ میں نہ بیٹھا جائے۔ پیاس لگے تو نیٹرم میور-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ زنجبر-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(8) پٹھوں میں کھچاؤ۔ ہاتھ پاؤں کا سن ہونا۔ پیشاب کھل کر نہیں آتا۔ پیشاب کی حاجت ہو تو فوراً جانا پڑے تو کاسٹی کم دیں۔

(نوٹ) ایل سیرم اور ویسی کیریا کو بہت استعمال کروایا لیکن اوپر والا نسخہ زیادہ کامیاب رہا۔

ٹانگوں اور پاؤں کا استسقاء- دبانے سے گڑھا پڑے

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔

(1) مریض کو گرمی لگتی ہے۔ منہ خشک۔ پیاس نہ ہو۔ پیشاب کم ہو تو ایپس ملفیکا دیں۔

(2) مریض کو سردی لگتی ہے۔ تھوڑا تھوڑا پانی پیئے تو آرسینک البم-200 دیں۔

(3) مریض کو پیاس لگے۔ گھبراہٹ ہو۔ دھوپ برداشت نہ ہو تو نیٹرم میور دیں۔

(4) مریض کا منہ خشک ہو۔ منہ کا ذائقہ کڑوا ہو۔ معدہ پر بوجھ۔ پاؤں جلتے ہوں اور سانس پھولے تو پلسٹیلا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

پراسٹیٹ گلینڈ

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : تھوجا-1M ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔ (مریض کا پیشاب اگر 2-دھاری آئے تو تھوجا کنٹرول کرلیتا ہے)۔

ساتھ میں فیرم پکرک-30 اور سابل سیر ولاٹا-30 دیں۔

(1) مریض کے پیشاب کی دھار اگر باریک آئے تو کلیمیٹس-200 روزانہ ایک بار دیں۔

(2) مریض پیشاب بالکل عمودی کرے (دھار کا نہ بننا۔ دھار کا بالکل سیدھے سامنے کی بجائے بالکل سیدھے نیچے کی طرف گرنا) تو ہیپر سلف دیں۔

(3) مریض کو پیشاب کی فوری حاجت ہو۔ جلدی جلدی جانا پڑے۔ پٹھوں میں کھچاؤ۔ ہاتھ پاؤں سن ہوں تو کاسٹی کم-1M ہفتہ میں دو خوراکیں دیں۔

(4) مریض کا پیشاب بالکل بند ہو تو پریرا برویا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(5) مریض کا پیشاب بند ہے اور ٹانگوں پر، پاؤں پر سوجن ہے تو سولیڈیگو-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(6) مریض ویل چیئر پر بیٹھ کر آئے (ٹانگوں میں کمزوری ہو)۔ لیٹے ہوئے چکر آئیں اور پیشاب بند ہو تو کونیم دیں۔

(7) مریض بزرگ ہو۔ کمزور ہو۔ چلتے ہوئے لڑکھڑائے اور چکر آئیں تو برائٹا کارب دیں۔

(8) مریض کا جسم موٹا (جسیم) ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(نوٹ) پراسٹیٹ گلینڈ کے حوالے سے میں کاسٹی کم کو میں بہت اہمیت دیتا ہوں۔

پولی سسٹک کڈنی - POLYCYSTIC KIDNEY DISEASE (PKD)

تھوجا-1M دیں۔ ادویات میں کالی آئیوڈائیڈ اور کلکیریا فلور کو مد نظر رکھیں۔

پیشاب کا غیر ارادی طور پر نکلنا۔ فوری حاجت ہو

(1) پٹھوں میں کھچاؤ۔ ہاتھ پاؤں کا سن ہونا۔ پیشاب کھل کر نہیں آتا۔ پیشاب کی حاجت ہو تو فوراً جانا پڑے تو کاسٹی کم دیں۔

(2) پیشاب کی ناقابل برداشت حاجت۔ واش روم جانے سے پہلے ہی پیشاب نکل جائے۔ پٹرو سلینم کے ساتھ کالی فاس دیں۔

(3) یہ احساس ہو کہ پیشاب قطرہ قطرہ نکل رہا ہے تو کالی فاس دیں۔

جسم میں پانی پڑنا۔ استسقاء- DROPSY

جسم میں پانی پڑنے کی کیفیت اصل میں Fluid Retention ہے، جو زیادہ تر دل، گردوں یا جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے۔
ہومیوپیتھی میں اس کیفیت کے لئے مختلف دوائیں استعمال ہوتی ہیں۔ ان میں آرسینک البم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔
پیٹ میں بھراؤ کا احساس ہو تو ایسکیولس ہپ دیں۔ دیگر ادویات میں ایپوسائنم، ڈیجی ٹیلس اور ہیلی بورس استعمال ہوتی ہیں۔

خارش

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں :
مریض جلد باز، دبلا پتلا کمزور ہو تو ٹیوبر کیولینم دیں۔ مریض سردی محسوس کرے، بگڑی ہوئی خارش جو ٹھیک نہ ہو تو سورائنم دیں۔ عمل انگیز کے طور پر انتھراسینم دیں۔
تر خارش : سب سے پہلے ایک خوراک ٹیوبر کیولینم-1M دیں۔ اور ساتھ گریفائیٹس-10M ہر 20-دن بعد دیں۔ (ایگزیما میں جہاں چپچپا مواد نکلتا ہو)۔
خشک خارش :

(1) مریض کو جسم پر چلتی پھرتی خارش ہو (کبھی کہیں کبھی کہیں)۔ سن پن موجود ہو۔ ذہنی ڈسٹرب۔ احساس کمتری میں مبتلا۔ مریض غصے والا ہو تو سٹافی سگیریا-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ پلاسبو دیں۔ آرام آنے پر تین دن بعد سٹافی سگیریا-200 روزانہ دیں۔

(2) مریض کو جسم پر چلتی پھرتی خارش ہو (کبھی کہیں کبھی کہیں)۔ سوئیاں چبھیں۔ ہاتھ پاؤں میں سن پن موجود ہو۔
مریض اعصابی ہو تو اگیریکس-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ پلاسبو دیں۔

(3) خشک خارش۔ مریض کے دھوپ میں نکلنے سے سوئیاں چبھتی ہیں۔ دھوپ میں نہ نکلا جائے۔ گرمی بہت محسوس ہوتی ہے۔ وضو کرنے، نہانے سے آفاقہ۔ سر درد۔ گھبراہٹ ہو۔ پیاس زیادہ۔ نیند نہ آئے۔ مریض کو کھجلانے پر خون نہ نکلے۔ مریض کو خارش، پھنسیاں ان جگہوں پر جہاں پر بال ہیں تو نیٹرم میور-200 تین دن تک 3-ٹائم دیں۔ آرام آنے پر 3-دن بعد روزانہ ایک بار دیں۔

(4) خشک خارش۔ مریض اوپر کپڑا نہ لے۔ نازک حصوں پر خارش۔ انگلیوں پر خارش، جلن ہوتی ہے۔ مریض کہے کہ جونہی پانی لگے تو ہاتھ پاؤں جلتے ہیں۔ نہانے سے زیادتی ہو۔ خارش پھیلتی ہے (پھیلنے والی خارش۔ گھر میں سب کو ہو)۔ گرمی لگے۔ مریض کہے کہ پنکھا چلاتا ہوں تو سکون ہوتا ہے تو سلفر-30 دن میں 3-بار دیں۔

(5) خشک خارش۔ کھجلانے سے خارش بڑھے۔ کھجلانے سے خون نکلے اور جلن ہو تو میزیریم-1M ہر دوسرے تیسرے دن بعد دیں۔

(6) خشک خارش۔ جلن نہ ہو۔ کھجلانے سے خون نکلے اور جلن نہ ہو۔ درد ہو تو ایلومینا-1M ہر دوسرے تیسرے دن بعد دیں۔

(7) خشک خارش۔ کھجلانے سے خون نکلے۔ نہانے سے زیادتی۔ پاؤں جلتے ہیں۔ رات کو بستر پر خارش زیادہ ہو۔ کپڑا اوڑھنے سے آفاقہ ہو تو آرسینک البم-1M ہر دوسرے تیسرے دن بعد دیں۔ (3-ادویات ہیں جو خارش کے ساتھ خون نکلنے میں مفید ہیں : 1-میزیریم- 2-ایلومینا- 3-آرسینک البم)

(8) خارش اوپر والے دھڑ پر (رنگ ورم۔ دردی)۔ ہو تو بیسی لینم-200 ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(9) خارش نچلے دھڑ پر (رنگ ورم۔ دردی)۔ ٹانگوں کے اوپر سینکڑوں دائرے۔ ایک کے بعد دوسرا دائرہ۔ دائرے کے اوپر دائرہ چڑھا ہو تو ٹیلوریم-200 ہر 3-2 دن بعد دیں۔

(10) خارش نچلے دھڑ پر (زیر ناف۔ ٹانگوں اور گھٹنوں تک کی خارش)۔ ہو تو انتھروکوکالی-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(11) آنکھوں میں الرجی، خارش ہو (اکثر بچوں کی نظر بھی کمزور ہو جاتی ہے) تو ارجنٹم نائٹریکم-200/30 دیں۔ ساتھ میں کبھی کبھار سورائنم دے دیں۔

(12) خصیوں پر خارش ہو اور دانے نہ بنے ہوں تو ہائیڈرو کوٹائیل-30/Q دیں۔

(13) خصیوں پر خارش اور ساتھ میں زخم ہوں۔ دانے بنے ہوں تو کروٹن ٹگ-200/30 دیں۔

(14) مردانہ اعضاء پر خارش اور زخم ہوں تو سارسپریلا-200/30 دیں۔

(15) مقعد میں خارش ہو تو ٹیوکرم-1M ہر تیسرے چوتھے روز بعد دیں۔

(16) خارش رات کو زیادہ ہو۔ مریض کو خارش زیر ناف ہو تو سفلینم-10M/1M دیں۔

(17) خارش صرف پنڈلیوں پر ہو تو کاسٹی کم دیں۔

(18) خارش سر پر ہے۔ کھجلانے سے خون نکلے تو تھوجا-1M کو مد نظر رکھیں۔ اولینڈرا، میزیریم کو نظر انداز نہیں کرنا۔

(19) خارش ہاتھوں اور پاؤں پر ہو۔ خارش کی وجہ کے پاؤں رگڑے تو کلکیریا سلف-3X دیں۔

(20) خارش سردیوں میں کم ہو اور گرمیوں میں خارش زیادہ ہو تو نیٹرم کارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(21) (خارش کے پرانے کیسز میں بھی نیٹرم کارب دیتے ہیں)۔

خشک خارش۔ جسم پر سیاہی مائل نشان ہوں تو ایسڈ سلف-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(22) سر پر خارش۔ پھنسیاں زیادہ بنیں۔ کھرنڈ ہوں تو تھوجا-1M، بیسی لینم-200/1M دے کر اولینڈر دیں۔

اگر سر پر لیپ آیا ہوا ہے (بعض اوقات وہاں کیڑے بھی پڑ جاتے ہیں)۔ مریض کھجلائے تو خون نکلے تو میزیریم دیں۔

(23) خارش ہو۔ سوئیاں چبھیں۔ منہ میں پانی آئے، Smell ہو۔ رات کو خارش میں اضافہ ہو تو مرک سال-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(24) خارش۔ مریض غصے والا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ جس طرح دل دھڑکے گا اسی طرح پورا جسم دھڑکے تو گلونائن دیں۔

(25) خارش۔ مریضہ خاتون کی عمر 40-سال سے زائد ہو۔ سانس کی گھٹن۔ گھبراہٹ۔ گریبان کھلا ہوا رکھے۔ گلے سے دوپٹہ اتار دے۔

جسم میں گرمی کی لہریں اٹھیں تو لیکسس دیں۔

(26) مریض کو خارش ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں پر ہو۔ رگڑتا ہے تو کلکیریا سلف-6X دن میں 4-بار دیں۔

(27) پھوڑا بن رہا ہو۔ درد ہو۔ پھاڑنا مقصود ہو تو ہیپر سلف-3X دیں۔ اور اگر درد نہیں ہے تو سلیشیا-6X دیں۔ پھوڑا پھٹ جائے تو سلیشیا-1M دیں۔

(28) ٹانگوں کے پچھلے حصہ کو لہوں پر پھوڑے نکلیں تو کیڈمیم سلف دیں۔

(نوٹ) آپ جہاں محسوس کرتے ہیں کہ خارش میں آرام نہیں آرہا تو انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر انتھراسینم-1M ایک خوراک دیں۔ اگر بہت زیادہ کھجلی ہو رہی ہو تو آپ یہ دوا بار بار دہرا بھی سکتے ہیں۔ انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر ریڈیم بروم-1M کی ایک خوراک دیں۔ (ریڈیم بروم کو بار بار نہیں دہرانا)۔

کیس اگر ٹھیک نہیں ہو رہا تو بیسی لینم۔ سورائنم (سورک مریض ہو گا۔ مریض سردی محسوس کرے۔ خارش ٹھیک نہ ہو رہی ہو) کی طرف آجائیں۔

مریض دبلا پتلا، کمزور اور جلد باز ہو تو تیوبرکیولینم دیں۔

(نوٹ) مریض کو ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کروائیں۔ مریض پانی زیادہ پیئے۔ لیموں کا پانی اور لسی پیئے۔ جبکہ مریض گرم تلی ہوئی اشیاء۔ انڈہ۔ چاول۔ گوشت اور مرچ مصالحہ جات سے مکمل پرہیز کرے۔ مریض کے جسم پر خشکی ہے، خارش ہے تو سرسوں کے تیل کی مالش کرلے۔

ہمارے محترم ہومیو پیتھک ڈاکٹر امتیاز ملک صاحب کا مشورہ ہے کہ اگر خارش میں کیس کی سمجھ نہ آ رہی ہو تو بالترتیب ایک روز تھوجا-1M دیں اور دوسرے روز مرک سال-1M میں دیں۔ انشاءاللہ مایوسی نہیں ہو گی۔

ہمارے ہومیو پیتھک ڈاکٹر فتح شیر صاحب کی تصنیف "جوہر ہومیو پیتھی" جلدی تکالیف صحفہ نمبر-115 سے صحفہ نمبر-121 کا ضرور مطالعہ کریں۔

(نوٹ) مریض کو ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کروائیں۔ لیموں کا پانی اور لسی پئے۔ جبکہ مریض گرم تلی ہوئی اشیاء۔ انڈہ۔ چاول۔ گوشت اور مرچ مصالحہ جات سے مکمل پرہیز کرے۔ خارش کے مریض کو جسم پر سرسوں کے تیل کی مالش کروائیں۔

چھپاکی

(1) مریض کے پورے جسم پر بڑے بڑے دھپڑ ہوں۔ مریض گرمی والا ہو۔ سانس میں گھٹن ہو تو ایپس ملفیکا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(2) چھپاکی۔ مریض کو گرمی محسوس ہو۔ پیاس لگے تو نیٹرم میور-200 ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(3) چھپاکی، مریض کو کمر میں درد۔ ٹانگوں میں درد ہو تو رہسٹاکس-200 دیں۔

(4) مریض کو چھپاکی ہے تو مریض کو آرٹیکا یورنس-30 اور اینٹی پائرین-30 دیں۔ اللہ رب العزت کے حکم سے 100-فیصد آرام ہو گا۔

(5) اوپر دی گئی ادویات کام نہ کریں تو پھر بووسٹا دے دیں۔

چہرے پر لوشن کریمیں لگانے سے۔ سر پر کلر وغیرہ کے لگانے سے جو اثرات پڑتے ہیں ان میں بھی یہ دوا مفید ہے۔

(نوٹ) مریض کو ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کروائیں۔ لیموں کا پانی اور لسی پئے۔ جبکہ مریض گرم تلی ہوئی اشیاء۔ انڈہ۔ چاول۔ گوشت اور مرچ مصالحہ جات سے مکمل پرہیز کرے۔

HERPES ZOSTER - ہرپس زوسٹر

سب سے پہلے ایک خوراک انتھراسینم-1M اور ایک خوراک بیبی لینم-1M میں دیں۔

اس کے بعد یہ ادویات زیادہ تکلیف ہونے کی صورت میں ہر آدھے آدھے گھنٹے بعد دیں۔ آفاقہ ہونے پر دوا کا دورانیہ بڑھا دیں :

(1) رہسٹاکس (2) رینن کولس بلب

بچوں کو پیدا ہوتے ہی جلد پر چھالے ہوں / جلد خراب / جلد ٹشو پیپر کی طرح

EPIDERMOLYSIS BULLOSA

سفلینم-1M ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔

کیس پھنسے تو میزیریم کی طرف چلے جائیں۔ اور اگر پھر بھی کیس رکے تو رینن کولس بلب کی طرف چلے جائیں۔ دیگر ادویات میں رہسٹاکس کو بھی مد نظر رکھیں۔

چنبل - PSORIASIS

پہلے روز دوا کا استعمال :

پہلی خوراک انتھراسینم-1M، دوسری خوراک بیسی لینم-1M، تیسری خوراک سورانیم-1M (اگر مریض سورک ہے)۔

اور اگر مریض سورک نہیں ہے۔ جلد میں خشکی اور دراڑیں ہیں تو پھر گریفائیٹس-10M دیں یا 200 میں روزانہ دیں۔ ان ادویات کو ہر صورت میں لازمی دینی ہیں۔

مریض کے خاندانی پس منظر میں اگر ٹی بی کی ہسٹری موجود ہو تو آرسینک آئیوڈائیڈ دیں۔ بہت سارے کیس کلیئر ہو جائیں گے۔

دوسرے روز سے دوا کا استعمال علامات کے مطابق :

(1) مریض کی جلد پر چھلکے سے اترتے ہوں تو پٹرولیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(2) مریض کی جلد پر چھلکے سے اترتے ہوں اور یہ عرصہ دراز سے ہوں تو کالی آرس دیں۔

(3) ایسا لگے کہ مریض کے جسم پر سیمنٹ لگا ہوا ہے۔ جلد بہت زیادہ خشک ہو تو کالی میور-30 اور کالی سلف-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(4) خارش اوپر والے دھڑ پر (رنگ ورم۔ ددری)۔ ہو تو بیسی لینم-200 ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(5) خارش نچلے دھڑ پر (رنگ ورم۔ ددری)۔ ٹانگوں کے اوپر سینکڑوں دائرے۔ ایک کے بعد دوسرا دائرہ۔ دائرے کے اوپر دائرہ چڑھا ہو تو ٹیلوریم-200 ہر 3-2 دن بعد دیں۔

(6) مریض سردی محسوس کرے۔ دائرے نما Ringworm ہوں تو سیپیا دے دیں۔

(7) کان کے پچھلے حصہ میں ایگزیما ہو تو گریفائیٹس دیں۔ کان کے پچھلے حصہ میں سوجن ہو تو کیپسی کم دیں۔

(8) اور اگر پھر بھی کیس کی سمجھ نہ آ رہی ہو۔ علامات نہ مل رہی ہوں تو پہلی خوراک انتھراسینم-1M، دوسری خوراک بیسی لینم-1M دے کر پٹرولیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ ساتھ میں کالی میور-30 اور کالی سلف-30 دن میں 4-3 بار دیں۔ (مریض کو بتائیں کہ آپ کی دوا 3-2 سال چلے گی)۔

انڈیا کے ایک ہومیوپیتھک ڈاکٹر سورائنس میں آرسینک برومیٹم 6C/30C/200C/10M میں مرض کی نوعیت کے مطابق استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔

SKIN FUNGAL INFECTION

ایسی جلدی فنگس خواتین کے پستانوں کے نیچے۔ سینے پر۔ کمر پر۔ گردن پر۔ بازوؤں پر۔ بغلوں میں۔ کان کے نیچے اور ٹانگوں پر بڑے بڑے دائرہ نما ہو جاتی ہے۔

جلد کی ایسی جگہیں جہاں پر پسینہ زیادہ آتا ہو۔ جلد پر دائرہ نما سرخ نشان، سرخ نیلگوں نشان، سرخ سیاہی مائل نشان ہوں۔

ٹیر نٹولا کیوبنس-30 ، کاربو نیم سلف-30 ، گن پاؤڈر-30

(ٹیر نٹولا کیوبنس میں جلد کی رنگت سرخی مائل۔ سرخ نیلگوں۔ سرخ سیاہی مائل اور سیاہی مائل ہو گی)۔ (اس کیفیت میں کاربو انیملس دوا کو بھی استعمال کرواتا ہوں)۔

بطور عمل انگیز کے انتھراسینم-1M ہر 7-دن بعد دیں۔ اس کے علاوہ ریڈیم بروم-200 بھی کبھی کبھار دیں۔

(نوٹ) جلدی امراض والے مریض کو ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کروائیں۔ لیموں کا پانی اور لسی پیئے۔ جبکہ مریض گرم تلی ہوئی اشیاء۔ انڈہ۔ چاول۔ گوشت اور مرچ مصالحہ جات سے مکمل پرہیز کرے۔

پاؤں کی ایڑھیاں پھٹ جانا۔ دراڑیں پڑنا – CRACKS

ہاتھ اور پاؤں کے تلوے کھردرے ہو جائیں تو اس کھردرے پن میں 3–ادویات کام کرتی ہیں:

(1) پاؤں کی ایڑھیاں پھٹ جائیں۔ پاؤں کھردرے سردیوں میں تو پٹرولیم دیں۔

(2) پاؤں کی ایڑھیاں پھٹ جائیں۔ پاؤں کھردرے گرمیوں میں اور ہاتھ پاؤں میں جلن ہو تو سلفر دیں۔

(3) اور اگر یہ دونوں کیفیات نہ ہوں تو پھر گریفائیٹس دیں۔

پاؤں کی انگلیوں کے درمیان کچاپن۔ فنگل انفیکشن– TINEA PEDIS

انگلیوں کے درمیان سفید ہوں۔ کچاپن ہو: درد ہو رہا ہے تو ہیپر سلف دیں۔ اگر درد نہیں ہو رہا تو سلیشیا دیں (مریض سرد مزاج ہو)۔

اور اگر پھر بھی کیس کی سمجھ نہ آئے تو سینی کیولا–200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

ہومیو ڈاکٹر محمد عمران
شعیب ہومیو پیتھک کلینک
ائیر پورٹ روڈ ۔ نزد چوک دین پور
خان پور ۔ ضلع رحیم یار خان
0307-7583552
0343-4882710

MALE INFERTILITY

مریض کی تشخیص کے 3-درجے ہیں:

(1) :-

پہلے درجے میں سیمن کا نارمل ہونا ضروری ہے۔ اگر سیمن نارمل نہیں ہے تو مرد Conceive نہیں کر سکتا۔ Female بھی Conceive نہیں کر سکے گی۔

(2) :-

دوسرے درجے میں سیمن کی نالیوں میں Blockage کا ہونا ہے۔ Testicles کے اندر جو سپرم بنتے ہیں وہ آگے نہیں جاتے تو پھر سیمن کے اندر Azoospermia (Zero Sperm Count) کی وجوہات بنتی ہیں۔ جس کی وجہ سے بھی Pregnancy نہیں ہوتی۔

(3) :-

تیسرے درجے میں اگر مرد ہی Nonfunctional ہے اور پچھلی تمام کیفیات نارمل ہے تو پھر بھی مسئلہ ہے۔

سپرم کی کمی کے حوالے سے ادویات:

سفلینم-10M ہر 20-دن بعد ایک خوراک دیں (اس دوا سے Pus Cells بھی ختم ہو جاتے ہیں)۔ ایکسرے-1M ہر 20-دن بعد ایک خوراک دیں۔

میڈورینم-1M دیں۔ اورم میٹ اگر مریض میں مایوسی ہے۔ دیگر ادویات علامات کو مد نظر رکھتے ہوئے تجویز کریں :-

مریض Azoospermia کا شکار ہے تو برائٹاکارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ (سب سے بڑی دوا ہے)۔

مریض کے رات کو سوتے وقت منہ میں پانی آئے تو مرک سال-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

مریض کمر درد کا شکار ہو تو کوبالٹم نائٹریکم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

اگر مریض کی خواہشات دبی ہوئی ہوں تو کونیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

مریض کمزور ہو اور قطروں کے اخراج کا عارضہ ہو تو سیلینیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ دیگر سپونجیا کو بھی مد نظر رکھیں۔

ان ادویات کے ساتھ ڈامیانہ-30 دن میں 3-بار یا ڈامیانہ-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ اور ٹریبولس ٹیرر سٹرس-Q دن میں 4-3 بار دیں۔

(نوٹ) یہ دوا مسلسل استعمال نہیں کروائیں گے۔ کچھ عرصہ دیں گے اور پھر بند کر دیں گے۔ کچھ عرصہ دیں گے اور پھر بند کر دیں گے۔ یہ ترتیب ہو گی۔

دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دن میں 4-3 بار دیں۔

ہمارے محترم ہومیو پیتھک ڈاکٹر شفیق صاحب اپنی تصنیف "ہومیو کلیکشن" میں لکھتے ہیں کہ دھماسہ (سچی بوٹی)-Q کا استعمال اولاد نرینہ کا باعث بنتا ہے۔

سپرم میں اگر Pus ہو تو میری پریکٹس میں جو ادویات استعمال ہوتی ہیں ان میں سفلینم-10M، کلکیریا سلف۔ کیلنڈولا-30 اور دھماسہ-Q ہیں۔

جہاں ٹیسٹیز کا مسئلہ رہا ہو وہاں پر سپانجیا ٹوسٹا دے دیں۔

ویریکوسل کا عارضہ ہو تو میڈورینم دیں۔ اورم میٹ دیں۔ ساتھ میں پلسٹیلا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ آرکائی ٹینم-3X دیں۔

مردانہ امراض

نوجوان لڑکوں کو احتلام ہو جائے تو نیٹرم فاس-200 ہر دوسرے دن دیں۔ اور اگر پھر بھی کیس پھنسے تو کالی بروم-30 ہفتہ میں ایک خوراک دے کر دوبارہ نیٹرم فاس دے دیں۔ احتلام کا کیس انشاءاللہ سو فیصد ٹھیک ہو گا۔

جریان کے نوجوان مریضوں میں سلینم-1M دے دیں۔ اور مجرد لوگوں میں کونیم-1M دے دیں۔

مریض میں ٹائمنگ کی کمی ہو تو زنکم میٹ-10M/CM دے دیں۔

مریض تھکا ہوا ہو۔ جسم ٹوٹا ہوا ہے اور دبوانے کا دل کرے تو آرنیکا-1M اور کالی فاس-1M ہر دوسرے دن دے دیں۔

دیگر ادویات میں ایسڈ فاس-1M، کیلیڈیم-1M، لائیکوپوڈیم-1M، یوہم بینم-1M کام کرتی ہیں۔

(نوٹ) جنسی امراض کے مریضوں کو سردیوں میں کھجور کا استعمال کروائیں۔ اور گرمیوں میں توبوز کا استعمال کروائیں۔

ہائی بلڈ پریشر۔ کولیسٹرول کی زیادتی۔ دل کی دھڑکن کا بڑھنا اور
سانس کی تنگی کا احساس۔ دل کا درد۔ یورک ایسڈ
لو بلڈ پریشر کے ساتھ دل کی گھبراہٹ کا ہونا۔ پسینہ آنا۔ جسم
میں سستی اور کمزوری کا ہونا۔ جسم کانپے۔ دل کے پٹھوں کا کمزور
ہونا۔ خون کی کمی۔ دل میں سوراخ اور دل کے والو کی خرابی کا ہونا
دل کی دیگر تمام تکالیف کیے مفید اور بہترین علاج کیے لئے رابطہ کریں
ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد عمران
0307-7583552 = 0343-4882710
شعیب ہومیو پیتھک کلینک
ائیر پورٹ روڈ۔ نزد چوک دین پور۔ خان پور
ضلع رحیم یار خان

بلڈ پریشر۔ دل کی بند شریانوں کو کھولنے
کولیسٹرول اور یورک ایسڈ کنٹرول کرنے کے لئے
مفید اور بہترین علاج کے لئے رابطہ کریں
ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد عمران
0307-7583552 = 0343-4882710
شعیب ہومیو پیتھک کلینک
ائیر پورٹ روڈ۔ نزد چوک دین پور۔ خان پور
ضلع رحیم یار خان

FEMALE INFERTILITY

مرض کی تشخیص کے 3-درجے ہیں :

(1) -:

پہلے درجے میں خاتون میں Ovulation ہے۔اگر Ovulation ہے تو پھر ان کے اگلے مراحل نارمل ہونے کے چانسز ہیں۔

(2) -:

مریضہ میں سفلیٹک اثرات کی وجہ سے اس کے Genital Organs ٹھیک سے Develop نہیں ہو پاتے جن کی وجہ سے ان میں فنکشنل خرابی ہو جاتی ہے یعنی خاتون کے Uterine Eggs بھی ٹھیک ہیں اور مردانہ Sperms بھی ٹھیک ہیں لیکن ان دونوں کا فنکشن ٹھیک نہیں ہو رہا، ٹھیک سے ملاپ نہیں ہو پا رہا۔

دوسرے درجے میں خاتون کے اندرونی آرگنز کی فزیکلی کنڈیشن کا نارمل ہونا ہے جس میں Ovary Cyst , Fallopian Tubes Blockage , Endometrium Problems , Vaginal pH Levels , Uterine Fibroids , Uterine Eggs & Uterus Size جیسی کنڈیشنز کا نارمل ہونا بہت ضروری ہے۔

اور وہاں کچھ Reactionary Process ایسے ہیں جس کی وجہ سے حمل میں رکاوٹ بنتی ہے۔ Conceiving نہیں ہوتی۔

علاج میں سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن لگائیں: کارسی نوسینم۔ سفلینم۔ ٹیوبر کیولینم۔ موروثی بیماریوں اور Sexually Transmitted Diseases میں میازمیٹک دوا میڈورینم ہو گی۔ مریضہ میں مایوسی ہو تو اورم میٹ دیں۔

اس کے بعد اسباب کو دیکھیں :

(1) مریضہ میں فیلوپین ٹیوب کی بندش ہے تو تھائیوسینم اور کیوپرم میٹ دیتا تھا لیکن اب میں یوپی اونم-200 روزانہ ایک خوراک استعمال کرواتا ہوں۔ اس کے علاوہ کیکٹس بہت بڑی دوا ہے۔ (ایک ڈاکٹر صاحب اپنی تصنیف میں دائیں سائیڈ کی فیلوپین ٹیوب کی بندش میں لیکسس کا ذکر لکھتے ہیں)۔

(2) Endometrium Problems میں مریضہ کو بلیڈنگ بہت زیادہ ہوتی ہے تو اس میں تھلاسپی برسا دیں۔

اگر تھلاسپی برسا دینے سے رزلٹ نہ ملیں تو فائی کس رلیجی او سا دے دیں۔ بلیڈنگ رک جائے گی تو پھر Conceiving ہو جائے گی۔

(3) ایک وجہ یہ بھی دیکھنے میں ملتی ہے کہ مریضہ کے سارے لیب ٹیسٹ نارمل ہوتے ہیں تو اس کے باوجود بھی حمل نہیں ٹھہرتا۔ اللہ رب العزت کا قدرتی نظام ہے کہ سیمن کی pH الکلائن ہوتی ہے اور ویجائنا کی pH ایسیڈک ہوتی ہے۔ تو اس طریقہ سے جب سیمن جو الکلائن ری ایکشن میں ہے جب ویجائنا میں جاتا ہے اور اگر اس کا pH Level خراب ہے تو یوٹرس میں داخل ہونے سے پہلے یہی سیمن کے بہت سارے سپرمز Dead ہو جائیں گے تو اس وجہ میں مریضہ کو کریازوٹم دیں گے۔

(4) مریضہ میں Eggs نہیں بن رہے تو فولیکیولینم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(5) جب سیمن یوٹرس سے باہر نکل آئے تو نیٹرم کارب-30/200/1M/CM دیں۔

(6) Genital Organs مثلاً Eggs کا سائز چھوٹا ہے۔ Ovary سائز میں چھوٹی ہے تو پچوٹری گلینڈ-30/3X دیں۔ بہت اچھا کام کرتی ہے۔

(7) یوٹرس کا سائز چھوٹا ہے۔ چھوٹی عمر کی مریضہ میں لائیکوپوڈیم اور اس کے بعد کی عمر میں پیلیڈیم دیں۔

(8) مریضہ دبلی پتلی۔ سردی لگے۔ لیکوریا بھی ہو۔ بانجھ پن کے ساتھ قبض لازمی ہو گی تو سیپیا دیں۔

(9) مریضہ میں ابارشن بار بار ہوتا ہو تو آغاز میں ٹینا سیٹم-CM کی ایک خوراک دے کر پھر 30- میں جاری رکھیں۔ کسی مریضہ کو بھی بانجھ پن، اٹھرہ نہیں ہو گا۔

(10) مریضہ بے حد مغرور ہو تو پلاٹینا دیں۔

(11) چھوٹی عمر کی بچی ہے تو برائٹاکارب۔ کلکیریافاس۔لائیکوپوڈیم اور نیٹرم میور کو مد نظر رکھیں۔ سمی سی فیوگا کو بھی مد نظر رکھیں، بہت بڑی دوا ہے۔
اورم میور نیٹرو نیٹم-CM ایک خوراک دیکر پھر 30-میں جاری رکھیں۔بہت سارے کیس کلئیر ہو جائیں گے۔
سورک میازم میں کلکیریاکارب اور لائیکوپوڈیم دوائیں ہوں گی۔

(12) آپ کے پاس بعض کیس آئیں گے۔مریضہ گرمی بہت زیادہ محسوس کرے گی تو فاسفورس دیں گے۔
ایک مریضہ کا کیس آیا۔اس کو بانجھ پن تھا۔اس کو ویجائنل خارش تھی اور جلن دار لیکوریا تھا۔کریازوٹم-1M میں دی۔مریضہ کو آفاقہ ہو گیا۔
ایک مریضہ کو کیس آیا۔معلوم ہوا کہ مریضہ کو پریگننسی فیلوپین ٹیوب میں ہو گئی ہے۔مریضہ کو کاسٹی کم-30 اور کلکیریافلور-30 میں دی گئی۔
(کاسٹی کم لچک پیدا کرتی ہے)۔ میرے نزدیک یہ ایک مشکل کیس تھا لیکن یقین جایئے اللہ رب العزت کا خاص کرم ہوا۔ڈیلیوری ہو گئی۔
میرے دوست ڈاکٹر صاحب کے پاس ایک کیس آیا۔خاتون کو بے بی فیلوپین ٹیوب میں تھا اور بالکل شروع شروع آغاز میں ہی پتہ چلا۔
کالوفائیلم-1M ہر گھنٹے گھنٹے بعد دی گئی۔کچھ دن کے بعد روزانہ ایک خوراک دی گئی۔اللہ رب العزت کا خاص کرم ہوا بے بی فیلوپین ٹیوب سے باہر نکل آیا۔
گردہ کی پتھری نکالنے میں بھی کالوفائیلم کا رزلٹ ملا۔

(3) :-

تیسرے درجے میں خاتون کا ماہواری کی باقاعدگی کا ہونا ہے۔خاتون میں Menstrual Cycle ہوں گے تو بھی حمل نہیں ٹھہرے گا۔

مریضہ کو ماہواری بند رہتی ہو تو علاج :

(1) مریضہ کو جب مینسزر کتے ہیں تو مریضہ کا وزن بڑھنے لگتا ہے۔جسم پھولنے لگتا ہے۔گھبراہٹ۔گرمائش کا احساس۔چہرے پر بال آنے لگتے ہیں تو پلسٹیلا دیں۔
(موٹی خواتین میں جو چربی کے خلیات Fat Deposits ہوتے ہیں یہ بھی ایسٹروجن پیدا کرتے ہیں۔جو کہ حمل کے ٹھہرنے میں رکاوٹ بنتے ہیں)۔

(2) ایسی بچیاں جن کو بلوغت کے بعد پہلا حیض لیٹ ہوتا ہے تو برائٹاکارب دیں۔
(اندرونی آرگنز کی نشوونما میں بہتری لانے کے لئے ہم یہاں برائٹاکارب دیں گے۔بچی میں جب رحم ٹھیک سے Develop ہی نہیں ہوا تو ہم یہاں بچی کو جتنا بھی پلسٹیلا کا استعمال کرالیں۔بچی کو ماہواری نہیں آئے گی) ۔دیگر ادویات میں اگیریکس کو مد نظر رکھیں۔ساتھ میں میازمیٹک دوا بھی دیں۔

(3) مریضہ جسمانی طور پر کمزور۔جسم پھولتا نہیں ہے۔سر درد۔دھڑکن۔قبض۔مینسزر کے ہوں تو نیٹرم میور دے دیں۔

مریضہ کو ماہواری زیادہ آئے تو علاج :

(1) ایسی مریضہ جس کو ماہواری زیادہ آئے۔وقت سے پہلے آئے اور Blood Flow بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔وزن پھولتا جائے
لیکن مریضہ جسمانی طور پر کمزور ہو تو کلکیریاکارب دیں۔

(2) ایسی مریضہ جس کو ماہواری زیادہ آئے۔وقت سے پہلے آئے اور زیادہ دنوں تک رہے۔اس دوران تکلیفات میں زیادتی ہو تو نکس وامیکا دیں۔

(3) مریضہ میں کمر درد ہو۔درد کمر سے شروع ہو کر آگے Pelvic Region میں آتا ہے۔ماہواری میں Clots ہوں تو سبائنا دیں۔

(4) مریضہ جسمانی طور پر دبلی پتلی ہو۔نمکین چیزوں کی خواہش۔خاص طور پر گوشت کھانے کی رغبت ہو تو کلکیریافاس دیں۔

ان ادویات کے استعمال سے اللہ رب العزت کی طرف سے شفایابی ہوتی ہے۔اور خاتون کا Menstrual Cycle نارمل ہو جاتا ہے اور حمل ٹھہر جاتا ہے۔
دیگر ادویات میں ایکسرے۔اگنیشیا۔اورم میٹ۔بوریکس۔کاسٹی کم اور سلفر کو بھی مد نظر رکھیں۔

POLYCYSTIC OVARY SYNDROME - PCOS

اس مرض میں اووم ڈسچارج نہیں ہوتا۔ اووم مسلسل پھولتا ہے، مسلسل پھولتا ہے اور پھر وہی ایک سسٹ بن جاتا ہے۔
اس میں بعض اوقات مریضہ کو مینسز بلیڈنگ یا تو بہت زیادہ ہونا شروع ہو جاتی ہے یا پھر بعض اوقات کئی کئی مہینے مینسز ہی نہیں آتے۔ معالج مریضہ کا علاج علامات کو مد نظر رکھتے ہوئے کرے۔ مریضہ کو مینسز بلیڈنگ بہت زیادہ ہے تو معالج اس ہسٹری پر علاج کرے اور اگر مینسز رکے ہوئے ہیں تو معالج اس ہسٹری پر علاج کرے۔
سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں: ایپس ملفیکا۔ تھوجا۔

(1) مریضہ کو جب مینسز رکتے ہیں تو مریضہ کا وزن بڑھنے لگتا ہے۔ جسم پھولنے لگتا ہے۔ چہرے پر بال آنے لگتے ہیں تو پلسٹیلا دیں۔
(مریضہ میں مینسز رک جائیں اور پلسٹیلا کام نہ کرے تو وہاں کالی کارب دیں۔ پھولی ہوئی موٹی خواتین: کالی کارب)۔

(2) مریضہ جسمانی طور پر کمزور۔ جسم پھولتا نہیں ہے۔ سر درد۔ دھڑکن۔ قبض۔ مینسز رکے ہوں تو نیٹرم میور دیں۔
(مریضہ میں نیٹرم میور کام نہ کرے تو پھر کالی کارب دیں)۔

(3) پلسٹیلا اور نیٹرم میور کے درمیان میں ایک اور دوا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ مریضہ Anemic ہے اور Pale Colour ہے۔ پھولی ہوئی ہے تو پھر ان دونوں کی درمیانی دوا فیرم میٹ ہے۔

OVARIAN SYST

کسی بھی جگہ ایسا ابھار جس کے اندر مائع (لیکوئیڈ) ہو۔ اس مائع میں پلازما یعنی پانی بھی ہو سکتا ہے اور بلڈ بھی ہو سکتا ہے۔ سسٹ کہلائے گا۔
میں اپنی پریکٹس میں بہت عرصہ پہلے ایپس ملفیکا اور کالوسنتھ دیتا تھا۔ میں یہاں پر بھی کبھی ناکام نہیں ہوا تھا لیکن جب پھر سے اورم آئیوڈیٹم-30 دن میں 4-3 بار استعمال کیا۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ ساتھ میڈورینم دیں۔ (نیٹرم میور بھی پانی کے نظام کو ریگولیٹ کرتی ہے۔ سسٹ میں کام کرے گی)۔
سسٹ نارمل ہے تو ایپس ملفیکا کے ساتھ تھوجا دیں۔ اور اگر بہت زیادہ درد ہو تو کالوسنتھ دیں۔ (ایپس ملفیکا بھی پانی والی سوجن کی بڑی اہم دوا ہے)۔
اوفورینم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ (سسٹ میں کالی آئیوڈائیڈ کا استعمال بھی ہوتا ہے)۔
جہاں کمر درد اور ٹانگوں میں بے چینی ہو تو رہسٹاکس دیں۔
نچلا دھڑ کمزور ہو۔ آنکھوں کے اوپری پپوٹوں میں سوجن ہو۔ تین چار بجے کے بعد تکلیفات میں زیادتی ہو۔ آگے جھکنے سے سکون ہو تو کالی کارب دیں۔
ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر عابد صاحب اپنی تصنیف میں کالی کارب کی تین مرکزی علامات لکھتے ہیں : 1-کمر درد ، 2-کمزوری ، 3-پسینہ

خواتین کے اندرونی پوشیدہ اعضاء پر خارش

VEGINAL SCABIES

ویجائنل خارش ہے۔ کم عمر خاتون ہے تو امبرا گریسیا میں دیں۔

ویجائنل خارش ہے۔ زیادہ عمر کی خاتون ہے تو کریازوٹم-1M میں دیں۔

ویجائنل خارش ہے۔ خاتون کو لیکوریا نہیں ہے تو اوری گینم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر علی محمد صاحب نے اوری گینم کے استعمال کا مشورہ دیا)۔

دیگر کیلیڈیم کو بھی مد نظر رکھیں۔

چہرے کے کیل دانے - ACNE

نوجوان چھوٹی عمر کی کمزور اور دبلی پتلی بچیوں میں کلکیریا فاس دیں۔ ساتھ میں ریڈیم بروم-1M ہر 20-دن بعد ایک خوراک یا ریڈیم بروم-200 ہر 10-دن بعد دیں۔

(نوٹ) مریض کو ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کروائیں۔ لیموں کا پانی اور لسی پئے۔ جبکہ مریض گرم تلی ہوئی اشیاء۔ انڈہ۔ چاول۔

گوشت اور مرچ مصالحہ جات سے مکمل پرہیز کرے۔

چھائیوں کے لئے

وہ خواتین جن کو سردی زیادہ لگے۔ سرد مزاج۔ بال گرتے ہوں۔ غصہ آئے۔ پیشاب میں بو آئے تو سیپیا دیں۔

میرے ذاتی تجربہ کے مطابق چھائیوں کے لئے اتنا سیپیا کام نہیں کرتی جتنا بہتر کالوفائیلم کام کرتی ہے۔

کالوفائیلم-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ (پلمبم میٹ-1M بھی استعمال کی جاتی ہے)۔

خواتین کے چہرے پر بالوں کا ہونا

سب سے پہل میازمیٹک میڈیسن تھوجا-1M دیں۔

مریضہ کو پیاس زیادہ ہو اور گرمی کا احساس ہو تو نیٹرم میور دیں۔ اور اگر مریضہ کو پیاس نہیں ہے تو پلسٹیلا دیں۔

ساتھ میں اولیم جیکورس بھی دے دیں۔ انشاءاللہ 7-6 ماہ میں رزلٹس مل جائیں گے۔

خواتین کا بچہ کی پیدائش کے بعد پیٹ لٹک جانا

کلکیریا فلور-30 اور نکس وامیکا-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

آنکھوں کی تکالیف

(1) بچہ پیدا ہوتا ہے۔اس کی آنکھوں سے پانی آتا ہے تو ارجنٹم نائٹریکم-30 دیں۔

(2) آنکھوں کی الرجی میں سورینم-1M ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔جب مریض ٹھیک ہو جائے تو اس دوا کو بند کر دیں۔ساتھ ارجنٹم نائٹریکم-200 صبح وشام دیں۔

(3) گوہا نجنی اگر خاتون کو بن رہی ہے تو پلسٹیلا دیں۔گوہا نجنی اگر مرد کو بن رہی ہے تو سٹافی سیگریا دیں۔

اگر پھر بھی کیس کی سمجھ میں نہ آئے تو بغیر علامت زنکم سلف-200 ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔انشاءاللہ گوہا نجنی ٹھیک ہو جائے گی۔

(4) آنکھ اگر پھڑک رہی ہو تو یوفریشیا (Euphrasia – 30) دیں۔دیگر اگیریکس دوا بھی کام کرتی ہے۔

(5) آنکھ کی کمزوری والے مریض اگر اعصابی کمزوری کا شکار ہیں تو اگیریکس دیں۔

(6) آنکھ کا پردہ اگر گر جائے تو اس میں جلسی میم کے حوالے سے زیادہ لکھتے ہیں لیکن جب سے میں نے اس دوا کے ساتھ کاسٹی کم کو لگایا تو کامیابی زیادہ ملی۔

(7) آنکھ اگر بند نہ ہو رہی ہو (آنکھ کا اوپری پپوٹا UP تو ہے لیکن DOWN نہیں ہو رہا۔آنکھ کی سپلائی بند ہوتی ہے)۔

واحد عضو (ایک حصہ) کا فالج ہو تو کاسٹی کم دیں۔

نظر کی کمزوری :

(1) مریض اگر دور سے اشیاء کو بغور دیکھے تو زنکم سلف-1M دیں۔

(2) مریض اگر قریب کی اشیاء کو بغور دیکھے تو زنکم میٹ-1M دیں۔

(3) موبائل کے استعمال کی وجہ سے نظر کی کمزوری ہو تو روٹا۔سلفر۔نیٹرم میور اور بیلس پری نس دیں۔

ریڈی ایشن (Radiations) کے حوالے سے کبھی کبھار ریڈیم بروم ساتھ لگا دیں۔

(4) مریض کو عینک لگی ہو۔پڑھے تو آنکھوں سے پانی آئے۔آنکھیں بھاری ہو جائیں تو روٹا دیں۔

دیگر ادویات میں جلسی میم-30، کالی فاس-30، کاسٹی کم-1M نیٹرم میور۔سلفر کو مد نظر رکھیں۔

i. میرے پاس ایک مریض پچھلے 6-5 ماہ سے زیر علاج تھا۔اس کی عمر 70-سال تھی اور اس کی آنکھ بالکل بند ہو چکی تھی۔اس جو نسخہ دیا گیا : سلفر-1M ہفتہ میں ایک خوراک دی گئی۔زنکم سلف-200 ہر چار دن بعد۔اس کے ساتھ جلسی میم اور کالی فاس۔کیس ٹھیک ہو گیا۔

ii. ایک مریض بہت غریب تھا۔اس کے بچے بھی نہیں تھے۔کلینک تک لانے والا بھی کوئی نہیں تھا۔بڑی مشکل سے لاٹھی کی مدد سے چل کر آتا تھا۔اس نے کہا کہ مجھے کچھ بھی نظر نہیں آتا۔وہاڑی شہر سے مانگتا ہوا آتا ہوں اور واپس بھی مانگتا ہوا چلا جاتا ہوں۔آپ کا سنا ہے۔اللہ کے واسطے میرا کوئی علاج کر دیں۔

اس مریض کو بھی میں نے سلفر-1M دی تھی۔اس نے بتایا کہ ڈاکٹر صاحب میں اب خود گلاس میں پانی ڈال کر لیتا ہوں اور مجھے اپنے جوتے نظر آ رہے ہیں۔

(نوٹ) میرا مقصد آپ کو ان مریضوں کے بارے میں بتانے کا یہ تھا کہ میں نظر کی کمزوری میں تقریباً سلفر کا استعمال کرتا ہوں۔مجھے اس دوا کا بہت اچھا رزلٹ ملتا ہے۔

(5) آنکھوں میں بھینگا پن کے حوالے سے نیٹرم میور اور سانگلینن دونوں دوائیں ہیں۔ٹیوبر کیولینم ساتھ لگا دیں۔

(6) آنکھ میں سفید موتیا ہو تو پہلے روز کلکیریا فلور-CM کی ایک خوراک دیں۔پھر 7-دن بعد زنکم سلف-CM کی ایک خوراک دیں۔اور پھر اسی طرح بالترتیب ہر 7-7 دن بعد ادل بدل کر دوا کو جاری رکھیں۔بقیہ درمیان میں پلاسبو دیں۔انشاءاللہ 3-2 ماہ میں بہتری ہو جائے گی۔

(7) کالا موتیا کے مریض کو پیاس لگے اور گرمی لگے تو فاسفورس دیں۔اور اگر پیاس نہ لگے اور گرمی لگے تو پلسٹیلا دیں۔

(8) مریض یہ کہے کہ مجھے نظر تو آرہا ہے لیکن دائیں نظر آرہا ہے، بائیں نظر آرہا ہے۔ سامنے سے نظر نہیں آتا تو لیتھیم کارب دیں۔

(9) مریض یہ کہے کہ سامنے دیکھتے ہیں تو اوپر سے نظر نہیں آتا، نیچے سے نظر نہیں آتا تو اورم میٹ دیں۔

(10) نابینا پن میں اکثر مریض آکر بتاتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ آپ کی نظر ٹھیک نہیں ہو سکتی۔ یہ پیچھے کی طرف سے خراب ہو گئی ہے تو کاربونیم سلف دیں۔ یہ میڈیسن بصری اعصاب کو ٹھیک کرتی ہے۔ ان کی رکاوٹوں کو دور اور سپلائیوں کو بحال کرتی ہے۔ ساتھ آرنیکا دے دیں۔

(11) شوگر کی وجہ سے آنکھوں میں Retina کا مسئلہ ہو جاتا ہے۔ وہاں پر سمفائٹم۔ ایسڈ فاس نفتھالین کام کرے گی۔

اور اگر پھر بھی کیس کی سمجھ نہ آئے تو رہسٹاکس-200 روزانہ ایک خوراک دے دیں۔

گلوکوما - GLAUCOMA : گلوکوما ایک آنکھوں کی بیماری ہے۔ جس میں آنکھ کے اندرونی دباؤ (Intracular Pressure – IOP) بڑھ جاتا ہے۔ یہ دباؤ آنکھ کی نسوں (Optic Nerve) کو نقصان پہنچاتا ہے جو نظر کو دماغ تک پہنچاتی ہیں۔

وقت کے ساتھ ساتھ یہ بیماری بینائی کو متاثر کر سکتی ہے اور اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو اندھے پن کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

ہومیوپیتھی میں پلسٹیلا اور فاسفورس مفید ادویات ہیں۔

ناک کی ہڈی بڑھی ہو / ناک کے غدود

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : مریض بلا پتلا سائیکوٹک ہو تو ٹیوبر کیولینم-1M ہر 20-25 دن بعد دیں۔

مریض اگر صحت مند ہو تو میڈورینم-1M ہر 10-دنوں بعد دیں۔ تھوجا-1M ہر 4-5 دن بعد دیں۔

ٹیوکرم میرم ویرم-1M ہر 3-4 دن بعد ایک خوراک دیں۔

لیمنا مائنز اگر غدودوں میں سوزش ہو تو دیں۔

اگریفس-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ آفاقہ آنے کی صورت میں ہر 2-3 دن بعد دیں۔

اگر مریض موٹا اور پلپلا ہو تو کلکیریا کارب دیں۔

دائیں سائیڈ کے نتھنے میں غدود ہو تو کالی نائٹریکم کا اچھا رزلٹ ہے۔ جنرل بھی کام کرتی ہے۔

(نوٹ) کالی گروپ کی تمام ادویات کو اچھی طرح سے یاد کر لیں۔ بہت فائدہ ہو گا۔

انٹر کرنٹ ریمیڈی کے طور پر کلکیریا فلور اور کلکیریا فاس دیں۔ سرسوں کا تیل رات کو سوتے وقت ناک میں 2-قطرے ڈالیں۔ بہت سے کیس ٹھیک ہوئے ہیں۔

سائینوسائیٹس – SINUSITS

سائینوسائیٹس ایک کیفیت ہے جس میں ناک اور ماتھے کے اندر موجود سائنس (ہوائی خلاء) کی جھلیوں میں سوزش یا انفیکشن ہو جاتا ہے۔

جس سے درج ذیل علامات ظاہر ہو سکتی ہیں :

سر درد (خاص طور پر پیشانی یا آنکھوں کے پیچھے)۔ناک بند ہونا۔ گاڑھے زرد یا سبز رنگ کے بلغم کا اخراج۔ چہرے پر دباؤ یا درد۔ بخار (کبھی کبھار)۔
میازمیٹک میڈیسن ٹیوبرکیولینم، میڈورینم لگائیں : اگریفس-200روزانہ ایک خوراک دیں۔

گلہڑ

میرے کلینک پر سب سے زیادہ استعمال ہونے والی پہلی دوا نیٹرم میور-200 ہر 3-دن بعد ہے اور دوسری دوا کلکیریا آئیوڈائیڈ-200/30 ہے۔

41

ٹانسلز

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : ٹیوبرکیولینم۔میڈورینم۔کارسی نوسینم۔

(1) کمزور بچے ہوں۔ضرورت سے زیادہ تیز ہوں۔ٹھنڈک سے حساس ہوں تو برائٹاکارب دیں۔

(2) بچہ کمزور ہو تو کلکیریا فاس دیں۔

(3) جہاں خشکی ہو اور سوزش ہو تو بیلاڈونا دیں۔

دیگر ادویات میں فائیٹولیکا بھی ہے۔

ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر علی محمد صاحب جہاں ٹانسلز بڑھے ہوئے ہوں وہاں ایلومن کا استعمال کرواتے ہیں۔

کان درد-کان بہنا

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : ٹیوبرکیولینم

(1) کان بہنے کے ساتھ اگر خارش ہے، جلن ہے اور زخم ہیں تو ٹیلوریم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔اور اگر ایسا نہیں ہے تو پلسٹیلا دے دیں۔

(2) بچے کا کان بہے تو ٹیوبرکیولینم دے کر پلسٹیلا اور کالی میور دیں۔

(3) کان بہنا اگر بند ہو گیا ہو. خشک کرنے کے لئے سلیشیا دے دیں.

(4) بچوں کے حوالے سے کان میں درد ہو اور بچہ ضدی ہو تو کیموملا-1M دے دیں۔

(5) بچہ موٹا تازہ ہو۔سر اور کان گرم ہوں اور پاؤں ٹھنڈے ہوں۔بچہ چیخیں مارے تو بیلاڈونا-200روزانہ ایک خوراک دے دیں۔
(درد بہتر ہونے کے بعد آپ کلکیریا کارب کی چند خوراکیں دے دیں)۔

(6) کان کے پچھلے حصہ میں ایگزیما ہو تو گریفائیٹس دے دیں۔

(7) کان کے پچھلے حصہ میں سوجن ہو تو کیپسی کم دے دیں۔

بچہ دیر سے بولے - SPEECH DELAY

یہ وہ حالت ہے جب بچہ اپنی عمر کے مطابق الفاظ یا جملے بولنے میں پیچھے رہتا ہے۔ بعض بچے دو سال کی عمر میں بھی دو لفظی جملہ نہیں بول پاتے جبکہ عام طور پر بچے اٹھارہ مہینے سے دو سال کے دوران بولنے لگتے ہیں۔

وجوہات میں ذہنی نشوونما کی سستی۔ سماعت میں کمی۔ آٹزم اسپیکٹرم جنیاتی عوامل اور والدین کا بچوں سے کم بولنا جیسے عوامل ہو سکتے ہیں۔

جن بچوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما سست ہو اور جو بچے دیر سے بولنے لگیں تو انہیں کلکیریا یا ہائپوفاس-3X میں دیں۔

دیگر ادویات میں اگیریکس۔ برائٹاکارب اور نیٹرم میور کو مد نظر رکھیں۔

پیدائشی گونگے اور بہرے بچے

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں :

ٹیوبر کیولینم دیں۔ اگر بچہ موٹا ہے تو میڈورینم دیں۔ ٹائیفائیڈ بخار کے اثرات ہوں تو ٹائیفائیڈینم دیں۔ ممپس ہوں تو پیروٹائیڈینم دیں۔

اور اگر پھر بھی میازم کی سمجھ نہ آئے تو کارسی نوسینم دیں۔

(1) میفائیٹس-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(2) بچے چلنے پھرنے میں دشواری محسوس کریں۔ لمبے چہرے والے بچے ہوں تو برائٹاکارب-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(3) گول چہرے والے بچے ہوں تو اگیریکس-1M ہر 4-دن بعد ایک خوراک دیں۔

(4) پتلی گردن والے بچے ہوں تو نیٹرم میور دیں۔

(5) بڑے لوگ ہوں۔ زبان سفید ہو تو کالی میور-30 دیں۔

(6) بہرہ پن کے ساتھ بلڈ پریشر ہے تو وسکم البم دیں۔

(7) کئی سال پرانا اگر بہرہ پن ہو تو سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں پھر کالی آرس، کالی میور اور میفائیٹس دے دیں۔ یہ میڈیسن آپ کو مایوس نہیں کرے گی۔ اگر مریض آپ کو یہ آکر کہے کہ ڈاکٹر صاحب مرض میں آرام تو آیا ہے مگر ٹھیک سے مزا نہیں آیا۔ مرض میں ٹھیک سے کمی نہیں ہوئی۔ تو میں اس کو ایک ہی بات کہتا ہوں کہ آپ اللہ رب العزت کا بار بار شکر ادا کیا کرو گے تو شفاء تیزی سے ہو گی۔ اس کے ساتھ بحیثیت مسلمان اپنا صدقہ بھی ضرور دیتے رہیں۔

مرگی - EPILEPSI

میں جو ادویات اپنے کلینک پر استعمال کرواتا ہوں۔ ان میں کالی سلف-30 ہے۔

(1) مریض اگر اکھٹا ہو تو کیوپرم میٹ-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(2) مریض کی گردن اگر پیچھے کی طرف جائے تو سائی کیوٹا-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔

(3) مریض میں اگر ذہنی طور پر بھولا پن ہو تو اگیریکس-1M ہر 4-3 دن بعد دیں۔ ساتھ میں میازمیٹک میڈیسن دیں۔

CEREBRAL PALSY (CP) CHILD DISEASE

برین میں کچھ پرابلم ہو جانے سے باڈی کی موومنٹ میں پرابلم ہونا :

جو بچہ جنم لیتا ہے وہ روتا نہیں ہے (بولتا نہیں ہے)۔ وہ سنتا نہیں ہے۔ وہ چلتا نہیں ہے۔ بچہ کند ذہن ہو گا۔ بچہ سمجھتا ہی نہیں ہے۔

بچے کی عمر پانچ سال ہے لیکن اس کے معاملات چھے ماہ والے ہوں گے۔ ان کا دماغ ٹھیک سے کام نہیں کرتا۔ دماغ کو آکسیجن کی سپلائی باقاعدگی سے نہیں ملتی اور دماغ میں اس کے اثرات آتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کو چلنے پھرنے میں پرابلم ہوتی ہے یا جس کو پیدائشی معذوری کہا جاتا ہے۔

بچے کا ہاتھ اکڑا ہوا ہو گا۔ سیدھا ہی نہیں ہو رہا۔ انگلیاں یا ٹانگیں کھچی ہوئی ہیں یا بہت لوز ہیں۔ ذہنی تکالیف (مرگی) یا جھٹکے ہوں گے۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں: ٹیوبر کیولینم۔ میڈورینم۔ سفلینم۔ کارسی نوسینم۔

(1) بچے کا چہرہ گول ہو گا۔ آنکھیں بند سی ہوں گی۔ ہونٹ تھوڑے سے اٹھے ہوئے ہوں گے تو اگیریکس-1M ہر 4-دن بعد دیں۔ ساتھ کالی فاس یا فائیو فاس دیں۔

(2) بچے کا چہرہ لمبا ہو گا۔ بچے کے رخسار اور گردن ذرا پچکے ہوئے ہوں گے تو آپ اگیریکس کے ساتھ برائٹاکارب-30 دیں۔

ہم کیوپرم میٹ اور سائی کیوٹا کا استعمال کرتے تھے لیکن جب سے ہمارے ہومیوپیتھک ڈاکٹر کاشف عمران صاحب نے نیٹرم میور کا بتایا۔ کیس کلئیر ہونا شروع ہو گئے۔

آپ اگیریکس اور برائٹاکارب کے ساتھ نیٹرم میور بھی دیں۔

(3) مرگی کے کیسوں میں کالی سلف-1M/200/30 تک دیتا ہوں۔ اب بچوں کو جہاں جھٹکے لگتے ہیں وہاں دیگر علامات میں کیوپرم میٹ اور سائی کیوٹا کے ساتھ کالی سلف لگا دی۔ اب جہاں جھٹکے لگتے تھے وہاں جھٹکے بند ہو جائیں تو کالی سلف بند کر کے آپ کالی فاس کی طرف آجائیں۔ اعصاب کو تقویت دت دیں۔ یہ تقریباً تین ساڑھے تین سال کا کورس ہے۔ بچے انشاءاللہ نارمل ہو جائیں گے۔ یہاں آپ کو بچے کی قبض ہونے کی صورت میں ایلومینا اور اوپیم بھی دینی پڑ سکتی ہے۔

(4) بہرہ پن میں میفائیٹس-30 اور کالی میور-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(5) نابینا پن میں جلسی میم۔ کالی فاس اور روٹا دیں۔

دیگر ادویات میں برائٹاکارب۔ نیٹرم میور۔ کاربونیم سلف ہیں۔

AUTISM

یہ بچوں کی بیماری ہے۔بچوں کو معلوم ہی نہیں ہوتا کہ میں کہاں پر آیا ہوں۔میں نے کیا کرنا ہے۔بچہ اپنی ہی ذات میں گم ہوتا ہے۔بازوؤں میں نے معنی حرکات۔بچے کا بازو پکڑیں تو وہ بازو کو چھڑانا چاہے گا۔بچے کا بازو کمزور ہو گا۔بازو کو سیدھا نہیں کر سکتا۔بازو کو چھوڑیں گے تو چیزوں کو اٹھا کر ادھر ادھر کر دے گا اور وہاں سے بھاگ جائے گا۔ پکڑا نہیں جائے گا۔بچہ باتیں کم کرے گا۔بچے میں ضد آجاتی ہے۔آئی کونٹیکٹ نہیں ہوتا۔بچے کا بولنے میں دھیان نہیں ہوتا۔بچہ چل نہیں سکتا۔

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ تشخیص کرتے ہوئے بچے کی پرسنیلٹی اور علامات کو دیکھیں :

بچے کے دانت بڑے اور ٹیڑھے میڑھے ہوں۔دانت اوپر کو اٹھے ہوئے ہوں تو سفلینم-1M ہر 10-دن بعد دیں۔

بچہ کمزور اور دبلا پتلا ہے تو ٹیوبر کیولینم-1M ہر 25-20دن بعد دیں۔

بچے کا چہرہ گول، نقوش موٹے اور وجود میں صحت مند بھاری ہے تو میڈورینم-1M ہر 10-دن بعد دیں۔

(نوٹ) مریض کو اگر سفلینم اور ٹیوبر کیولینم کام نہیں کر رہی تو پھت آپ کارسی نوسینم دیں۔اور اگر کارسی نوسینم کام نہیں کر رہی تو پھر آپ ایکسرے دیں۔ اور اگر ایکسرے کام نہیں کر رہی تو پھر آپ سول دیں۔

(1) بچہ دبلا پتلا اور تیز ترار ہو۔بچہ بات کرنے میں دیر لگائے۔بات کرنے کا حوصلہ نہ ہو تو برائٹاکارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(2) بچہ وجود میں بھاری اور قد کا چھوٹا ہو تو لائیکوپوڈیم دیں۔

(3) بچے کا چہرہ گول۔وجود بھی زیادہ نہ ہو اور ذہنی وجسمانی پسماندگی کا شکار ہو تو اگیریکس-1M ہر 5-دن بعد دیں۔

(4) بچہ توجہ میں ہو گا لیکن سکون نہیں کرے گا۔آرام سے نہیں بیٹھتا تو ٹیر نٹولا ہسپانیکا دیں۔

(5) بچہ توجہ میں نہیں ہو گا۔نقصان کر دے گا۔پر سکون نہیں ہو گا۔آرام سے نہیں بیٹھے گا تو ایتھوزا-200 روزانہ بعد نماز مغرب دیں۔

(6) بچہ توجہ میں بھی ہے۔بے قرار بھی ہے۔بے آرام بھی ہے اور اس کو جھٹکے بھی لگتے ہیں تو کالی بروم-30 میں ایک خوراک ہر دوسرے تیسرے دن دیں۔

(نوٹ) جھٹکوں میں اگیریکس اور کالی بروم دینے سے اگر آفاقہ نہ ہو تو پھر کالی سلف-200روزانہ ایک خوراک دیں۔کالی سلف جھٹکوں کو روک دے گی۔

(7) بچہ میں اعصابی کمزوری ہو تو کاسٹی کم-30 اور کالی فاس-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(8) بچے میں پیٹ کے کیڑے ہوں تو سائنا کے ساتھ چیلیڈونیم دیں۔

(9) بچے کے اوپر والا حصہ کام کرے۔ٹانگیں کام نہیں کرتیں تو اگیریکس۔جلسی میم۔کاسٹی کم اور کالی فاس کو مد نظر رکھیں۔

(نوٹ) ساتھ میازم لگا دیں۔مریض کو بتائیں کہ علاج کا دورانیہ تقریباً دو سال تک چلے گا۔

بچوں کے دانتوں کے مسائل

(1) بچے کے دانت اوپر کو اٹھے ہوئے ہوں تو سفلینم-30 صبح وشام دیں۔

(2) بچے کے دانت بڑے۔ ٹیڑھے میڑھے اور ایک دوسرے کے اوپر ہوں تو سفلینم-1M ہر 10-دن بعد دیں اور ساتھ میں مرک سال-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

بچہ مٹی کھائے

(1) بچہ مٹی کھائے۔ بچے کا گلہ خراب ہو تو برائٹاکارب دیں۔

(2) بچہ مٹی کھائے۔ پیٹ میں کیڑے ہوں تو سائنا دیں۔

(3) بچہ پلپلے وجود کا ہو اور سر پر پسینہ آئے تو کلکیریاکارب دیں۔

(4) بچے کو قبض ہے۔ بچہ پاخانہ کرتے ہوئے زور لگاتا ہے تو ایلومینا دیں۔ اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو کیپسی کم دیں۔

(5) بچے کو قبض ہو تو ایلومینا-1M ہر 4-دن بعد دیں۔ ساتھ میں ہائیڈراسٹس-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

STAMMERING/STUTTERING - لکنت

لکنت ایک پیچیدہ کیفیت ہے جس کی وجوہات میں ذہنی دباؤ، خوف، گھبراہٹ، موروثی عوامل اور بعض اوقات دماغی یا اعصابی خلل شامل ہوتے ہیں۔ ہومیوپیتھک علاج فرد کی مجموعی جسمانی، ذہنی مزاج اور جذباتی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے۔

(1) اچانک خوف یا صدمے کے باعث لکنت ہو تو ایکونائٹ-1M/200 دیں۔

(2) ذہنی الجھن۔ بات کرتے وقت الفاظ یا جملے دہرائے۔ صبح کے وقت سر میں درد۔ ہاتھوں کی کمزوری یا چیزیں گرانے کی عادت ہو تو بووسٹا-200/30 میں دیں۔

(3) ناسمجھی کی باتیں۔ زبان پر قابو نہ ہونا۔ بولنے میں رکاوٹ ہو تو اگیریکس-200/30 دیں۔

(4) شرمیلے بچوں میں لکنت ہو تو برائٹاکارب-200/30 دیں۔

(5) جب لکنت دل کی دھڑکن یا اعصابی تناؤ کی وجہ سے ہو تو سپائی جیلیا-200/30 دیں۔

(6) لکنت کے ساتھ شدید خوف۔ تنہائی سے خوف۔ اندھیرے سے ڈرنا۔ نیند میں ڈر جانا ہو تو سٹرامونیم-200/30 دیں۔

(7) شرمیلے اور حساس افراد میں لکنت ہو تو سلیشیا-200/30 دیں۔

(8) آواز میں لرزش۔ جذباتی صدمے کے بعد لکنت ہو تو کاسٹی کم-200/30 دیں۔

(9) ذہنی تھکن یا دباؤ کے باعث لکنت ہو تو کالی فاس-200/30 دیں۔

(10) خود اعتمادی میں کمی۔ ذہنی دباؤ کے باعث لکنت ہو تو لائیکوپوڈیم-200/30 دیں۔

(11) بات شروع کرنے میں دقت مگر ایک بار شروع ہونے کے بعد رکنا مشکل ہو تو لیکسس-200/30 دیں۔

(12) زبان بھاری۔ الفاظ کی ادائیگی میں مشکل۔ تھوک کی زیادتی ہو تو مرک سال-200/30 دیں۔

(13) بے تکی ہنسی۔ باتوں میں بے ترتیبی لکنت کے ساتھ ہائیو سائمس-200-30 دیں۔

بچوں میں سانس کی تکالیف

سب سے پہلے میازم لگائیں : بیسی لینم۔ سردیوں کی وجہ سے جو لوگ حساس ہوں ان کو ٹیوبر کیو لینم ہر ماہ چند خوراکیں دیں۔ میڈورینم۔

(1) چھوٹے بچے۔ ناک بند۔ سینہ جکڑا ہوا۔ سانس نہیں آرہا۔ سر پر پسینہ آئے تو سمبوکس نائیگرا سب سے پہلی بڑی دوا ہو گی۔

(2) بچہ کمزور۔ سینے سے آوازیں آرہی ہوں تو انٹم ٹارٹ دوسری بڑی دوا ہو گی۔ اور اگر یہ دونوں دوائیں کام نہ کریں تو پھر ہیپر سلف دیں۔

(3) بچے کے منہ میں جھاگ دار لعاب آرہا ہے تو اپی کاک دیں۔

(4) چھوٹے بچوں میں کھانسی ہو تو اپی کاک اور ڈروسرا دیں۔

(5) بچہ سردی کے موسم میں بار بار متاثر ہوتا ہے۔ مریض کو ٹھنڈی ہوا کے لگنے سے یا ٹھنڈی چیزیں کھانے سے دمہ کی شکایت ہو جائے تو نیٹرم سلف-200 ہفتہ وار دیں۔ ساتھ میں جسٹیشیا-30 دیں۔ بچہ دمے کے مرض کی طرف نہیں جائے گا۔

(6) بچے کو خشک کھانسی ہے تو مینتھاپپ-30 دن میں 4-3 بار دیں۔ دیگر ادویات میں آرسینک البم۔ جسٹیشیا۔ سباڈیلا اور یوکلپٹس ہیں۔

کھانسی / برونکائیٹس / نزلہ زکام

یہاں ہم نے یہ کیفیت دیکھنی ہے کہ کھانسی ایکیوٹ ہے یا کرانک۔ ایکیوٹ کنڈیشن میں ہم صرف علامات دیکھ کر میڈیسن کا انتخاب کریں گے جبکہ کرانک کنڈیشن میں ہم میازمیٹک میڈیسن بھی ساتھ لگائیں گے۔ میازمیٹک میڈیسن میں بیسی لینم۔ ٹیوبر کیو لینم۔ ڈروسرا ہیں۔

i. کھانسی حلق سے اٹھے گی۔ گلے میں خراش ہو گی۔

ii. کھانسی سینے سے اٹھے گی۔

اس کے بعد مزید 2- تقسیم ہو گی : 1-خشک کھانسی 2-بلغمی کھانسی

خشک کھانسی :

(1) مریض کو خشک کھانسی کے ساتھ گلے میں خراش ہو۔ مریض کو گلے میں کچھ اٹکتا محسوس ہو۔ مریض کو کھانسی گلے سے اٹھے۔ مریض کو کھانسی بار بار، کھانسنے میں ہی لگا رہے۔ ٹھنڈی ہوا سے کھانسی میں زیادتی ہو۔ مریض کہے کہ میں منہ کو ڈھانپ کر رکھتا ہوں تو ریومکس دیں۔

(2) ٹھنڈی ہوا سے کھانسی میں زیادتی ہو۔ مریض منہ کو ڈھانپ کر نہ رکھ سکے۔ مریض کا ناک بار بار بند ہو تو ہیپر سلف-200 میں دیں۔

(نوٹ) ہیپر سلف میں بالکل خشک کھانسی نہیں ہو گی۔ تھوڑی مقدار میں بلغم ہو گا۔ ہم اس کو نہ تو خشک کھانسی کہہ سکتے ہیں اور نہ ہی بلغمی کھانسی یا یوں کہہ لیں کہ درمیان درمیان کی کھانسی ہو گی۔

(3) مریض کو بالکل خشک کھانسی۔ گلہ خشک ہو گا۔ کھانستے ہوئے درد ہو خاص طور پر سر درد اور چھاتی میں درد۔ ایسا لگے کہ سر پھٹ جائے گا۔ مریض سر پر یا سینہ پر ہاتھ رکھے۔ مریض کے سینے میں دائیں طرف درد کی زیادتی۔ مریض کھانستے کھانستے الٹی کر دے۔ منہ خشک اور کڑوا۔ کھانسی میں رات کو زیادتی ہو تو برائی او نیا دیں۔
دیگر ادویات میں ایمونیا کارب اور کاسٹی کم کو مد نظر رکھیں۔

(4) مریض کو خشک کھانسی۔ مریض کو ٹھنڈے پانی کی طلب ہو۔ مریض کو کھانسنے سے بائیں طرف درد کی زیادتی۔ بائیں طرف لیٹنا مشکل ہو۔
مریض کو بولنے سے کھانسی بڑھے تو فاسفورس دیں

(5) مریض کو کھانسی سینے سے اٹھے۔ کھانسی چھوٹی چھوٹی اور بار بار ہو۔ مریض کو کھانسی کرتے کرتے الٹی آئے گی۔ قے کر دے گا۔ قے نہ بھی آئے تو ابکائیاں آئیں۔ بعض اوقات سانس بھی رک جائے۔ کھانسی کے آخر میں عجیب سی زور دار آواز نکالے تو ڈروسرا دیں۔

(6) مریض کو خشک کھانسی کے ساتھ گلے میں خراش ہو۔ کھانسی گلے سے اٹھے۔ ٹھنڈی ہوا میں زیادتی ہو۔ مریض پانی بار بار پیئے۔
پانی بار بار پینے سے کھانسی میں سکون ملے۔ (مریض پانی کو پینے یا ٹافی وغیرہ کھانے سے گلے کو تر رکھتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو کھانسی میں سکون ملتا ہے)۔
(کھانسنے سے درد کے اعضاء میں درد ہو جیسا کہ کولہے)۔ مریض کو کھانستے ہوئے پیشاب نکل جائے تو کاسٹی کم دیں۔

(7) کھانسی گلے سے اٹھے۔ بلغم جونہی گلے میں گرے کھانسی اٹھے۔ کھلی ہوا میں کھانسی کی زیادتی ہو اور بند کمرے میں کھانسی میں کمی ہو تو ایلم سیپا دیں۔
(گلہ پھاڑ کھانسی۔ مریض کو ایسا لگے کہ مریض نے کھانسا تو اس کا گلہ پھٹ جائے گا: ایلم سیپا)

(8) مریض کو کھانسی گلے سے اٹھے تو چیلیڈونیم دیں۔ (صفراوی مزاج بچہ)

(9) مریض کو خشک کھانسی۔ مریض بے چین، بے قرار۔ کھانسنے سے سانس میں تنگی ہو تو آرسینک البم دیں۔

(10) کھانسی تیز اور خشک۔ گلہ درد کرے۔ کھانسنے سے سر میں چوٹ کی طرح کا درد اٹھے تو بیلاڈونا دیں۔

(11) مریض کو بار بار کھانسی آئے اور گلے میں درد ہو تو برائٹا کارب دیں۔

(12) مریض کو خشک کھانسی ہو تو مینتھا پپ دیں۔

بلغمی کھانسی :

(1) مریض کو بلغمی کھانسی ہو۔ کھانسی کے ساتھ قے ہو تو اپی کاک اور نیٹرم سلف دیں۔
(نیٹرم سلف میں بلغمی کھانسی کے ساتھ کھانستے ہوئے چھاتی میں بائیں طرف درد ہو۔ بلغم کا اخراج ہوتا ہے)۔

(2) مریض کو بلغمی کھانسی ہو۔ بلغم بہت زیادہ سخت۔ کھانسنے پر ایسا لگے کہ بلغم اندر گلے میں رکی پڑی ہے۔ بلغم خارج نہ ہو تو انٹم ٹارٹ کے ساتھ نیٹرم سلف دیں۔

(3) مریض کو گاڑھے بلغم کا اخراج ہو۔ گلہ بھی خراب ہو۔ سر بھاری۔ ناک بند ہو تو کالی بائی کرامک دیں۔

(4) مریض کا سر بھاری۔ منہ خشک۔ مواد کا اخراج کبھی سفید کبھی پیلا اور کبھی سبز۔ گاڑھے مواد کا اخراج۔ پیاس نہ ہو تو پلسٹیلا دیں۔

(5) مریض کو بلغم کا اخراج پیلے رنگ میں ساتھ بو آ رہی ہے تو سنگونیریا دیں۔

(6) پہلی رات کو کھانسی ہو اور سانس ہو تو اریلیاریسی موسا دیں۔

(7) رات کے پہلے حصے میں کھانسی ہو اور سانس ہو تو آرسینک البم دیں۔

(8) رات کے پچھلے حصے سحری کے وقت کھانسی ہو اور سانس ہو تو کالی کارب دیں۔

(9) کھانسی کی زیادتی رات کو اور صبح اٹھتے وقت ہو تو سٹکٹا پلمونیریا دیں۔

(10) صبح اٹھتے ہوئے کھانسی ہو اور سانس میں تنگی ہو۔ مریض کا پیٹ خراب ہو۔ ناک بند ہو جاتا تو نکس وامیکا دیں۔

(11) مریض بھاری آواز کے ساتھ کھانستا ہے تو ایکونائٹ اور سپانجیا ٹوسٹا دیں۔

(نوٹ) دھوپ میں اگر ایک خشک گھڑا رکھا ہو۔ اس گھڑے میں بولیں تو آواز گونجتی ہے۔ اسی طرح اگر گھڑے میں کھانسے تو کھن کھن کی آواز آئے گی۔ اسی طرح کے مریض کی کیفیت میں سپانجیا ٹوسٹا دیں گے۔

(12) دل کے امراض کے ساتھ اگر کھانسی ہو تو سپانجیا ٹوسٹا-200 میں دیں۔ دیگر ادویات میں ناجا کو بھی مد نظر رکھیں۔

(13) کھانسی کا کمزور مریض ہے تو کالی فاس-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(14) جہاں کرونا کی ہسٹری ہو گی وہاں مریض اپنے آپ کو کمزور محسوس کرے گا۔ کھانسی اگر کرونا کے بعد ہے۔ کھانسی رک نہیں رہی اور مریض کمزور ہے تو کالی فاس-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

حلق میں بلغم گرے / کیرا

میازمیٹک میڈیسن میں اگر مریض جسیم ہے تو میڈورینم-1M ہر 10-دن بعد دیں اور اگر مریض دبلا پتلا کمزور ہے تو ٹیوبر کیولینم-1M ماہوار ایک خوراک دیں۔

(1) بلغم گلے میں گرے۔ رنگ زرد اور اس میں بدبو آئے تو نیٹرم کارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(2) کوریلئم روبرم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(3) ہیپاٹیکا-200 روزانہ ایک خوراک بلا علامت دے سکتے ہیں۔

(نوٹ) دوسری ترتیب میں نیٹرم کارب پہلے روز، کوریلئم روبرم دوسرے روز اور ہیپاٹیکا تیسرے روز بھی دے سکتے ہیں۔

الرجی

نزلہ زکام چھینکوں کا آنا ماحول کے اثرات کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہ سب کو نہیں ہوتا۔

پہلی بات الرجی میں یہ ہے کہ وہ خاص چیزوں سے Sensitive ہوتا ہے مثلاً ٹھنڈ سے، مٹی گرد و غبار سے، دھواں سے، پھولوں کی خوشبو اور پرفیوم سے۔ تو جس بات کو آپ رد نہیں کر سکتے وہ ہے ذکی الحسی۔ اور اس میں ذکی الحسی خاص علامت ہے۔ آپ یہاں دیکھیں گے کہ وہ تمام دوائیں جو الرجی میں کام کرتی ہیں اگر ان میں ذکی الحسی نہیں ہے تو پھر وہ فائدہ نہیں دیتی۔

دوسری بات الرجی میں یہ ہے کہ آپ کے پاس سے تکلیف میں مبتلا ایک مریض دوا لے کر جاتا ہے۔ اب وہ یہ کہتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب جو دوا آپ نے مجھے دی تھی میں نے وہ دوا کھائی تھی۔ میں ٹھیک ہو گیا لیکن اب میں پھر دوبارہ تکلیف میں مبتلا ہو گیا ہوں تو یہاں آپ کو سمجھنا چاہئے کہ اس میں تکلیف کے بار بار ہونے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ تو ہم جب تک اس رد عمل کو ختم نہیں کریں گے تو ہم مریض کا مکمل علاج نہیں کر سکتے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کو نزلہ زکام چھینکیں ہوں لیکن سانس میں تنگی ضرور ہو گی۔ تو سب سے پہلے ہم نے اس بار بار کے ہونے والے رجحان کو ختم کرنے کے لئے میازمیٹک میڈیسن دینی ہے۔ ٹیوبر کیولینم کا مریض دبلا پتلا ہو گا۔

سائیکوٹک میں میڈورینم دیں گے۔ سائیکوٹک میازم میں مریض گھنے بالوں والا۔ موٹا بھاری اور مریض میں ہائپر ایکٹیویٹی پائی جائے گی۔ ہائپر سے مراد سانس کی رفتار کا تیز ہونا۔ دل کی رفتار کا تیز ہونا۔ پسینہ کی رفتار کا تیز ہونا۔ وغیرہ پایا جاتا ہے۔ یہ دوائیں مریض کو ٹھیک نہیں کرتی لیکن یہ اس بار بار کے ہونے والے رجحان کو ختم کر دیتی ہیں۔ یا یوں سمجھ لیں کہ تکلیف کے بار بار ہونے کے رجحان میں وقفہ زیادہ آجائے گا اور دوسری بات یہ کہ تکلیف کی شدت میں کمی آجائے گی۔

نزلہ زکام چھینکوں میں جن لوگوں کو ڈسٹ الرجی، مٹی گرد و غبار سے، دھواں سے، پھولوں کی خوشبو اور پرفیوم سے، ٹھنڈک سے الرجی ہوتی ہے۔

ان میں 50 سے 70 فیصد وہ مریض تھے جن کو سردی کے موسم میں Agrivation ہوتی ہے۔

(1) سرد ہوا سے ذکی الحسی Sensitivity۔ ناک کا بند ہونا۔ مریض سردی زیادہ محسوس کرے گا۔ منہ کو ڈھانپ کر رکھے گا ورنہ نزلہ زکام اور چھینکیں شروع ہو جاتی ہیں۔ مریض کہے کہ مجھے تکلیف سردی سے بھی شروع ہو جاتی ہے اور ڈسٹ سے بھی شروع ہو جاتی ہے لیکن زیادہ ذکی الحسی سردی سے ہوتی ہے تو ہیپر سلف-200 میں ہر 4-دن بعد دیں۔

(2) اگر مریض کہے کہ مجھے ٹھنڈ سے بھی تکلیف ہوتی ہے لیکن ڈسٹ سے تکلیف بہت زیادہ تنگ کرتی ہے تو آرسینک البم-200 میں دیں۔

(3) مریض کہے کہ مجھے سارا دن کچھ نہیں ہوتا۔ صرف صبح کو اٹھتے ہوئے چھینکیں آتی ہیں تو سباڈیلا-200 ہر 4-دن بعد دیں۔

(4) تقریباً 30-فیصد مریض کہیں گے کہ مجھے تکلیف گرمیوں میں زیادہ ہوتی ہے تو ایلم سیپا دیں۔ دوسری دوا نیٹرم میور دیں گے۔ نیٹرم میور اس کے بار بار کے ہونے والے رجحان کو توڑے گی۔

(5) موسم بہار کی الرجی یعنی دن رات بکثرت چھینکیں آنا۔ سردی سے گرمی کی طرف بدلتے ہوئے موسم سے بیمار ہونا۔ سونے کے بعد تکلیف بڑھے۔ گلے کے اندر تنگی اور جکڑن کا احساس۔ گلے میں ہلکی سی دکھن کا احساس ہو۔ ناک سے شدید بدبو دار مواد کا اخراج ہو تو لیکسس دیں۔

(6) سینہ میں سیٹی کی آواز آئے تو سپانجیا ٹوسٹا-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(7) مریض کو کھانسی گلے سے اٹھے۔ الرجی اور سانس میں تنگی ہو تو ریومیکس-30 اور چیلیڈونیم-30 دن میں 4-3 بار دیں۔ اور اگر کسی دوا کی سمجھ نہ آئے تو پوتھوز دیں۔

(8) مریض کو بار بار کھانسی ہو۔ الرجی ہو۔ سگریٹ کا دھواں تھوڑا سا بھی محسوس کرے تو اگنیشیا دیں۔

(9) مریض کو اگر خوشبو کے ساتھ سانس میں تنگی ہو تو ہسٹامائن-1M دیں۔

(10) مریض کو ناک میں خارش ہو تو ارنڈو دیں۔

ڈسٹ الرجی

تھریشر کے سیزن میں الرجی ہو تو سب سے پہلے بیسی لینم دے کر ساتھ پوتھوز-30 دن میں بار بار دیں۔ آرام آنے پر دن میں 4-3 بار دیں۔ اور اگر پوتھوز کام نہ کرے تو پھر چیلڈونیم دے کر دوبارہ پوتھوز دے دیں۔

دمہ

دمہ میں سانس کی نالیاں تنگ ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے سانس لینے میں تنگی ہو جاتی ہے۔ دمہ میں رات کو زیادتی ہو جاتی ہے۔
سانس کے جتنے بھی مریض ہوتے ہیں یہ سائیکوٹک ہوتے ہیں۔ یہاں پر اینٹی سائیکوٹک میڈیسن لگانا پڑیں گی۔ ہمارا ذہن فوراً میڈورینم کی طرف جائے گا لیکن ہم نیٹرم سلف لگائیں گے۔ پہلے درجے کی میڈیسن میڈورینم، دوسرے درجہ کی میڈیسن تھوجا اور تیسرے درجہ کی میڈیسن نیٹرم سلف ہے لیکن چونکہ یہاں پر سانس کی تکلیف میں نیٹرم سلف نے کام کرنا ہے۔ اس لئے یہاں پر ہم میڈورینم اور تھوجا کو نظر انداز کر دیں گے۔ اگر آپ نیٹرم سلف کو نظر انداز کر دیں گے تو پھر مریض مستقل ٹھیک نہیں ہو گا۔
یہ تینوں ادویات ہر مریض کو دینی ہیں :
بیسی لینم-1M دیں۔ نیٹرم سلف-200 دیں۔ کالی فاس-200 دیں۔ (یہ میڈیسن پھیپھڑوں کو طاقت دے گی)۔ چھوٹے بچوں کو کالی فاس کی ضرورت نہیں۔

(1) پہلی رات کو کھانسی ہو اور سانس ہو تو اریلیا دیں۔

(2) رات کے پہلے حصے میں کھانسی ہو اور سانس ہو تو آرسینک البم دیں۔

(3) رات کے پچھلے حصے سحری کے وقت کھانسی ہو اور سانس ہو تو کالی کارب دیں۔

(4) کھانسی کی زیادتی رات کو اور صبح اٹھتے وقت ہو تو سٹکٹا پلمونیریا دیں۔

(5) صبح اٹھتے ہوئے کھانسی ہو اور سانس میں تنگی ہو۔ مریض کا پیٹ خراب ہو۔ ناک بند ہو جاتا تو نکس وامیکا دیں۔

(6) مریض کو چلنے سے زیادتی ہو۔ لیٹنے سے دقت۔ جونہی لیٹے سانس بند ہو جائے تو گرینڈیلیا دیں۔

(7) کھانسی کے ساتھ متلی ہو اور سانس میں تنگی ہو تو اپی کاک دیں۔

(8) مریض میں سانس کی تکلیف۔ سیٹی کی آواز آئے تو ہیپر سلف دیں۔

(9) دمے کا مریض اگر انہیلر کا استعمال کر رہا ہو تو مریض کو ترجیحی بنیاد پر سب سے پہلے سپانجیا ٹوسٹا کا بار بار استعمال کرواتا ہوں۔
میڈیسن کو بار بار دینے سے جب مریض کو آرام آ جاتا ہے۔ تو پھر انہیلر کو آہستہ آہستہ کم کرتے ہوئے چھڑوا دیتا ہوں۔

(10) کارڈیک استھما میں مریض کو نہ ہی بلغم نکلتا ہے اور نہ ہی کھڑ کھڑاہٹ ہوتی ہے۔ مریض کو کھانس کھانس کر صرف تھوک ہی نکلتا ہے تو ایسی کیفیت میں انٹی مونیم آرسینکم دیتے ہیں۔

دماغ میں / سر میں پانی پڑنا - HYDROCEPHALUS

(نوٹ) والدین پریشان ہو جاتے ہیں کہ میرا بچہ ٹھیک نہیں رہتا (ڈیڑھ سال تک کی عمر کے بچے)۔ بچہ مسلسل بیمار ہی رہتا ہے۔ علاج کے دوران بھی ٹھیک نہیں رہتا۔ کچھ نہ کچھ ہوا رہتا ہے۔ بخار ٹھیک ہو تو نزلہ ہو جاتا ہے۔ نزلہ ٹھیک ہو تو پھر بخار ہو جاتا ہے۔ بخار ٹھیک ہوتا ہے تو موشن ہو جاتے ہیں۔ موشن ٹھیک ہوتے ہیں تو قبض ہو جاتی ہے۔ بچہ روتا ہے، پیٹ پھولا ہوا ہے اور بچہ دن بدن کمزور ہو رہا ہے تو ایسے بچوں کو فائیوفاس-6X اور نیٹرم میور-6X مسلسل ایک ماہ تک دیں۔
بخار، موشن، قبض، قے اور کمزوری ختم ہو جائے گی۔ بچہ بار بار بیمار نہیں ہو گا اور بچے کی نشوونما بھی بہتر ہو جائے گی۔
سب سے پہلے میازم لگائیں: بچے کو موشن رہتے ہیں تو بیسی لینم دیں۔ بچہ کمزور ہو تو ٹیوبر کیولینم دیں۔ سفلینم کو بھی مد نظر رکھیں۔

(1) سر گرم پاؤں ٹھنڈے۔ بچہ پر خون ہو تو بیلاڈونا دیں۔

(2) بچہ پلپلے وجود کا ہو۔ سر پر پسینہ آئے تو کلکیریا کارب دیں۔

(3) بچے کا سر بڑا ہے۔ پیٹ بڑھا ہوا ہے اور ٹانگیں کمزور ہے۔ سر پر پسینہ آئے تو سلیشیا دیں۔ اور ساتھ کالی فاس-6X دیں۔ کیس نکل جائیں گے۔
ہڈرا ہلکس-30 میں روزانہ ایک خوراک دیں۔ یا 200 میں ہر دوسرے تیسرے روز ایک خوراک دیں۔ یا 1M میں ہر تیسرے چوتھے روز ایک خوراک دیں۔

سپائنل بائیفیڈا - SPINAL BIFIDA

کچھ بچوں کے پیدائش کے فوراً بعد کمر کی ہڈی سپائنل کے اوپر ہپ سے اوپر ایک غبارہ نما پھوڑا ہو جاتا ہے۔ کسی وجہ سے بچے کی ریڑھ کی ہڈی کے نچلے مہرے آپس میں نہ جڑیں۔ ان میں گیپ رہ جائے تو بچے کا حرام مغز تھوڑا سا باہر آ جاتا ہے اور وہ پھوڑا بنا دیتا ہے۔ اس پھوڑے کے اندر حرام مغز کی نروز ہوتی ہیں۔
یہ نروز ہماری ٹانگوں میں جا رہی ہوتی ہیں۔ بعض اوقات تکلیف زیادہ ہونے پر بچہ ٹانگیں ہلا نہیں پاتا۔
سب سے پہلے میازم لگائیں: بچے کو ٹیوبر کیولینم دیں۔ مائی ریسٹیکا-1M دیں۔ (مزید علامات کو بھی مد نظر رکھیں)۔

سر کے بال گریں

گنجا پن ہو تو بیسی لینم-1M دے کر فلورک ایسڈ-1M/200 دیں۔ اسٹی لاگو-30 دن میں 3-بار دیں۔
جہاں بال چھوٹے چھوٹے دائروں کی صورت میں گریں تو فاسفورس-1M/200 دیں۔
جہاں بال باریک ہو کر گریں تو نیٹرم میور-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔
بالوں کی قبل از وقت سفیدی ہو تو ایسڈ فاس-200 اور ویسبیڈن-200 روزانہ ادل بدل کر دیں۔
بالوں کی رنگت سفید بھوری مائل ہو تو لائیکوپوڈیم-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

اگر آپ کو سردی کھانسی بخار اور فلو ہے
اگر آپ کو دمہ ہے اور سانس لینے میں دشواری ہو رہی ہے
اگر آپ کو الرجی ہے اور شدید چھینکیں آ رہی ہیں
اگر آپ کو آنکھوں میں جلن اور سوزش ہے
اگر آپ کے ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی ہے
یا دیگر سینے کی کوئی تکلیف ہے تو
مفید اور بہترین علاج کے لئے رابطہ کریں
ہومیو پیتھک
ڈاکٹر محمد عمران
شعیب
ہومیو پیتھک کلینک
ائیر پورٹ روڈ ۔ نزد چوک دین پور ۔ خان پور ۔ ضلع رحیم یار خان ۔ پنجاب
0307-7583552 = 0343-4882710

ٹیومرز - TUMORES

جسم میں جتنی بھی رسولیاں ہیں ان میں مریض کو علاج شروع کرنے سے پہلے ان کو یہ ضرور بتادیں کہ ان کے علاج کا دورانیہ تقریباً ایک سال کا ہو گا۔
اگر مریض کو جلدی ہے تو علاج نہ کریں تا کہ مریض کو یہ پتہ چلے کہ میں نے علاج لینا ہے اور لمبا عرصہ دوا کھانی ہے۔

دماغ کی رسولی - BRAIN TUMOR

مریض کو یہ بتادیں کہ اس کے علاج میں ڈیڑھ سے دو سال کا عرصہ لگے گا اور اگر مریض کو جلدی ہے اور وہ ہومیوپیتھک سسٹم نہیں اپنا سکتا
تو اسے کہیں کہ وہ جا کر آپریشن کروالے تا کہ مزید خرابیاں نہ بڑھیں اور مریض کی زندگی کو بچایا جاسکے۔ ہماری یہ ذمہ داری ہے۔
سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : کارسی نوسینم۔ ٹیوبر کیولینم-1M ہر 20-25 دن بعد دہراتا ہوں۔

(1) مریض کو چکر آئیں۔ چلتے ہوئے لڑکھڑائے تو برائٹاکارب-1M ہر 3-4 دن بعد دیں۔ اس کے ساتھ کلکیریافلور-6X اور کلکیریافاس-6X میں دیں۔

(2) مریض موٹا اور پلپلا ہے تو کلکیریاکارب-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔ یا 1M ہر 3-4 دن بعد دیں۔

ہمارے محترم ہومیوپیتھک ڈاکٹر علی محمد صاحب برین ٹیومر میں کلکیریاکارب کا استعمال سب سے زیادہ کرواتے ہیں اور انہوں نے بہت سارے کیس ٹھیک کئے ہیں۔

(3) اگر ٹیومر کا مریض ویل چیئر پر بیٹھ کر آتا ہے۔ اس کی ٹانگیں ساتھ نہیں دے رہی۔ ٹانگیں کمزور ہو جائیں تو کونیم دیں۔
میرے پاس جو مریض پراسٹیٹ گلینڈ کے آتے ہیں اور وہ ویل چیئر پر بیٹھے ہوں تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی ٹانگوں میں جان ہے یا نہیں۔
اور اگر مریض کہے کہ نہیں تو پھر میں ان کو پراسٹیٹ گلینڈ میں کونیم دیتا ہوں۔ کونیم پراسٹیٹ گلینڈ کی بھی دوا ہے۔

بریسٹ ٹیومر - BREAST TUMOR

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں: ٹیوبر کیولینم۔ میڈورینم۔ کارسی نوسینم۔

(1) چھوٹی بچیاں۔ کمزور اور دبلی پتلی ہوں تو ٹیوبر کیولینم کے ساتھ کلکیریافاس-30 دیں۔

(2) ٹیومر اگر بڑی ہے اور بریسٹ کا سائز بھی بڑا ہے تو میڈورینم کے ساتھ چمافیلا-30 دیں۔

(3) ٹیومر بہت سخت ہو تو کونیم-200/1M میں دیں۔ اور ساتھ کلکیریافلور-6X/30 دیں۔

(4) ٹیومر سخت ہے لیکن بہت زیادہ سخت نہیں ہے تو فائیٹولیکا-200 دیں۔

(5) مریضہ کو بریسٹ میں زخم ہو جائیں تو آرسینک آئیوڈائیڈ-30 اور ہائیڈراسٹس-30 دیں۔ دھماسہ-Q دیں۔

رحم کی رسولی - UTERUS TUMOR

میازمیٹک ادویات میڈورینم اور تھوجا ہفتہ میں ایک ایک خوراک دیں۔
اووفورینم-200 ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔ اور ساتھ میں اورم میورنائیٹرونیٹم-30 دن میں 3-4 بار دیں۔ کلکیریا آئیوڈائیڈ-30 دن میں 3-4 بار دیں۔

گردے میں رسولی

میرے کلینک پر میرے پاس ایک گردے کی رسولی کا مریض آیا۔ اب وہ مریض ماشاءاللہ سے بالکل ٹھیک ہے۔ میں نے اسے درج ذیل ادویات دیں:

تھوجا-1M ہفتہ بعد ایک خوراک دی۔

پیشاب میں خون آئے اور پیشاب کم آئے تو تھلاسپی برسا-30 کے ساتھ کلکیریا فلور-6X میں دی۔

LIPOMA

چھوٹے بچوں کی گردن پر باہر کی طرف بہت زیادہ تعداد میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں یا مریض اگر یہ کہے کہ میرے سارے جسم پر چھوٹی چھوٹی گلٹیاں بنی ہوئی ہیں۔ اگر اس گلٹی کو پکڑا جائے تو یہ حرکت کرنے والی ہوتی ہے۔ دائیں بائیں ہو جائے گی۔ آپ اس کو ہلا سکتے ہیں۔

(1) مریض اگر کمزور اور دبلا پتلا ہے تو ٹیوبر کیولینم-1M کے ساتھ برائٹاکارب-30 اور کلکیریا فلور-6X دیں۔

(2) مریض اگر موٹا ہے تو تھوجا-1M کے ساتھ برائٹاکارب-30 اور کلکیریا فلور-6X دیں۔

Uterine Fibroid (ٹیومر) بچہ دانی کی رسولی
Miscarriage۔ حمل کا ضائع ہو جانا
اور خون کے نہ رکنے کی شکایت کا ہونا۔
Prolapse۔ بچہ دانی میں بوجھ کا ہونا
ان تمام شکایات میں مفید اور بہترین علاج کے لئے رابطہ کریں
شعیب
ہومیو پیتھک
کلینک
ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد عمران
ائیر پورٹ روڈ۔ نزد چوک دین پور
خان پور۔ ضلع رحیم یار خان
0307-7583552 - 0343-4882710

کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : کارسی نوسینم-1M ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔
پھر آپ یہ دیکھیں کہ کینسر کس جگہ کا ہے مثلاً برین کا ہے۔ پھیپھڑوں کا ہے۔ جگر کا ہے۔ گردوں کا ہے۔ بلڈ کا ہے۔ اس کی دوا لگائیں۔
مریض کی جو علامات بنتی ہیں۔ ان کے مطابق وہ دوا بھی دیں۔ ساتھ میں دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دیں۔

بلڈ کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : کارسی نوسینم-1M ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔

(1) دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دیں۔

(2) سیانوتھس-30 دن میں 4-3 بار دیں۔ (ایک ہی دوا ہومیوپیتھی میں بلڈ کینسر کی ہے)۔

(3) خون کی کمی ہو تو وناڈیم-30 دیں۔

پراسٹیٹ کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : کارسی نوسینم-1M ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔

(1) دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دیں۔

(2) مریض اگر پراسٹیٹ گلینڈ سے پراسٹیٹ کینسر کی طرف چل پڑے تو تھلاسپی برسا (کیپسیلا برسا) -200 روزانہ ایک خوراک دیں
یا پھر 30 میں دن میں 4-3 بار دیں۔

گردے کا کینسر

میرے کلینک پر ایک مریض گردے کے کینسر کا آیا۔ خون بھی آتا تھا اور جلن بھی ہوتی تھی۔ میں نے اس کو ٹیوبر کیولینم کے ساتھ تھلاسپی برسا دی تھی۔
آج علاج بند کئے ہوئے چار سال ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ مریض اپنا کام کر رہا ہے جو چلنے کے قابل نہیں تھا۔

سکن کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ادویات میں انتھروسینم،کالی آرس اور ریڈیم بروم کے ساتھ دیگر علامات کو مد نظر رکھیں۔

لنگز کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں۔ آرسینک آئیوڈائیڈ کے ساتھ دیگر علامات کو مد نظر رکھیں۔

ہڈیوں کا کینسر

سب سے پہلے میازمیٹک میڈیسن دیں : کارسی نوسینم-1M ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔ سفلینم-1M ہر ہفتہ بعد ایک خوراک دیں۔
مریض مایوسی کا شکار ہے تو آرم میٹ دیں۔ دھماسہ (سچی بوٹی)-Q دیں۔

(1) مریض کو ٹھنڈے پانی کی پیاس اور زیادہ پیاس ہو تو فاسفورس-200 روزانہ ایک خوراک دیں یا 1M میں ہر 5-4 روز بعد دیں۔

(2) مریض تھکا ہوا ہو۔ درد یں محسوس کرے اور چلنے سے بہتری محسوس کرے تو روٹا-200 روزانہ ایک خوراک دیں۔

(3) مریض اگر سردی محسوس کرے۔ پاؤں ٹھنڈے ہوں تو کلکیریا فاس-30 دن میں 4-بار دیں یا 200 میں روزانہ ایک خوراک دیں۔

(4) مریض کو اگر ساتھ کمر درد ہو تو اوواوٹوسٹا-30 دن میں 3-بار بلا علامت دے دیں۔ ہکلالاوا کو بلا علامت دے دیں۔

(نوٹ) سمفائٹم کو نظر انداز مت کریں۔

کینسر کی کیموتھراپی یا ریڈیئشن کے سائیڈ ایفیکٹس کو کم کرنے کے لئے ہومیوپیتھی میں ریڈیم بروم ایک بہترین میڈیسن ہے۔

گردے اور آنکھ کی مرضیاتی تبدیلیاں

❖ "مرضیاتی" لفظ Pathological کا اردو ترجمہ ہے۔ جو بیماری سے متعلق تبدیلیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ ایسی تبدیلیاں ہوتی ہیں جو جسم کے کسی عضو (جیسے گردہ یا آنکھ) کی ساخت یا فعلیت (Function) کو متاثر کرتی ہیں اور وہ نارمل حالت میں نہیں رہتے۔ مثال کے طور پر گردے کا سکڑ جانا، سوجن یا فلٹر کرنے کی صلاحیت کا کم ہو جانا۔ آنکھ کی رگوں میں خرابی یا ریٹینا کو نقصان پہنچنا۔ گردے جب ڈائیلائیسس پر آجائیں تو اس کا مطلب ہے کہ گردے کی ساخت اور فنکشن بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ وہ خون کو فلٹر کرنے کی صلاحیت ختم کر چکے ہیں۔ خون میں زہریلے مادے جمع ہو رہے ہیں اور جسم کا میکانزم متاثر ہو گیا ہے۔ گردوں اور آنکھ کے نظام میں پیتھالوجیکل خرابی ہو تو مرک کار ہومیو پیتھی میں بہترین مدد گار ہے۔

❖ گردوں میں کلاٹ (Renal Blood Clots) :

گردوں میں کلاٹ بننا ایک سنگین طبی مسئلہ ہے جیسے گردے کی رگ میں خون کا لوتھڑا (Renal Vein Thrombosis) یا Microthrombi جو کسی آٹو امیون، ہائی بلڈ پریشر یا شوگر کے نتیجے میں بن سکتے ہیں۔ یہ کلاٹس گردے کی خون کی فراہمی روک سکتے ہیں جس سے گردہ ناکارہ ہو سکتا ہے۔
آرنیکا ہومیو پیتھی میں کلاٹس ختم کرنے میں بہترین مدد گار ہے۔

CLINICAL TIPS

(1) اگر آپ کے پاس کوئی بخار والا مریض آجائے تو اینٹی پائرین-30 اس کے ہاتھوں پر لگائیں۔ بخار کم ہو جائے گا۔
اس کے بعد بقیہ ادویات علامات کے مطابق دیں۔ ڈلکمارا-1M/200 میں دیں۔

(2) نزلہ زکام اور بخار کے مریضوں کو آرسینک البم-30 اور بیلاڈونا-30 ملا کر دیں۔ انشاءاللہ شفاء ہو گی۔

(3) ایڑھیوں میں درد ہو تو چیلیڈونیم-30 دن میں 4-3 بار دیں۔

(4) کرنٹ لگنے کی صورت میں مریض کو فوری طور پر فاسفورس-1M ہاتھوں پر لگا دیں۔

(5) بچوں کے پیٹ بڑھے ہوں تو سلفر دیں۔

(6) جاری دوا کے اثرات میں رکاوٹ ہو تو ریڈیم بروم-200 بطور انٹر کرنٹ ریمیڈی دے دیں۔


SHOAIB
HOMOEOPATHIC
CLINIC
Homoeopathic Dr. M. Imran
D.H.M.S. R.H.M.P.
Airport Road, Near Chowk Dinpur, Khan Pur City. District Rahim Yar Khan. Punjab. PAKISTAN.
+92 3077583552
+92 3434882710